رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۷۵

قال اللہ تعالیٰ وقرآنا فرقناہ لتقرأہ علی الناس علی مکث ونزلناہ تنزیلا

چوں آیت محصوداں ست بر نافعیت تعلیم تدریجی بر اعامۂ ناس

حاضر باشد یا بادی ، و نیز بر ضرورت تعلیم علوم قرآنیہ یعنی دینیہ کہ شامل ست بر

مقاصد و مبادی ، پس اتباعاً للنص المذکور ، صحیفہ شہریہ کہ مشتمل ست بتدریج شہور

مسمیٰ بہ

الہادی

نمبر ۹	بابت ماہ محرم الحرام ۱۳۴۶ھ	جلد ۳

کہ جامع ست انواع علوم دینیہ را برائے ہر طالب و جادی و مذکر ست در ہر مجلس و نادی

و مسکن ست برائے ہر جائع و صادی ، بصورت ترجمہ رسالہ ترغیب و ترہیب و تسہیل المواعظ

و حل اشتباہات و کلید مثنوی و تشرف و امیر الروایات کہ اکثر آں مستفاد ست از

درگاہ ارشادی یعنی خانقاہ اشرفی امدادی ، باہتمام محمد عثمان عامی ، در مطبع اسلامی

در محبوب المطابع دہلی مطبوع گردید

از کتب خانہ اشرفیہ دریبہ کلاں دہلی بزر بندہ ذرہ بصیغہ وی پی شائع میگردد

ہذا التفسیر العام ، خود من الحدیث اقض بکتاب اللہ وقضی بالرجم

فہرست مضامین

رسالہ الہادی بابت محرم الحرام ۱۳۴۶ھ

جو بہ برکت دعا حکیم الامۃ محی السنۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرفعلی صاحب مدظلہم العالی

کتب خانہ اشرفیہ دریبہ کلاں دہلی سے شائع ہوتا ہے

اُصول و مقاصد رسالہ الہادی اور ضروری اطلاعیں

(۱) رسالہ ہذا کا مقصود اُمّۃ محمدیہ کے عقائد و اخلاق و معاشرت کی اصلاح ہے۔

(۲) یہ رسالہ ہر قمری مہینے کی تیسری تاریخ کو بحمد اللہ عین تاریخ پرہی شائع ہوتا ہے۔

(۳) رمضان المبارک ۱۳۴۵ھ سے یہ رسالہ معہ ٹائیٹل تین جزو کا کردیا گیا ہے اور قیمت سالانہ وہی دو روپے آٹھ آنے۔ (۸/۲)

(۴) سوائے اُن صاحبان کے جو پیشگی قیمت ادا فرماچکے ہیں جملہ حضرات خریداران کی خدمت میں رسالہ وی۔پی بھیجا جائیگا اور دو آنہ خرچ رجسٹری اضافہ کرکے ۲/۸ کا وی۔پی روانہ ہوگا جسپر دو آنہ فیس منی آرڈر ڈاکخانہ اضافہ کریگا اور دو روپے بارہ آنے کا وی۔پی پہنچے گا۔

(۵) جن حضرات کی خدمت میں نمونہ کے طور پر رسالہ ارسال کیا جاتا ہو وہ جب تک قیمت پیشگی نہ بھیجینگے یا وی پی کی اجازت نہ دینگے دوسرا پرچہ نہ بھیجا جائے گا۔

(۶) جو صاحب درمیان سال میں خریدار ہونگے انکی خدمت میں کل پرچے شروع جلد یعنی جمادی الاول ۱۳۴۵ھ سے بھیجے جائینگے اور ابتدا سال سے خریدار سمجھے جائینگے۔

اور اگر الہادی کی جلد اول و دوم درکار ہو طلب فرمادیں مگر اسکی قیمت فی جلد تین روپے ہے علاوہ محصولڈاک۔

راقم

محمد عثمان مالک و مدیر رسالہ الہادی دہلی

میں نے کہا ہاں ہاں کیوں نہیں فرمایئے فرمایا کہ صاحبزادی کے چکی پیستے پیستے ہاتھوں میں گھٹے
پڑ گئے تھے اور مشک سے پانی بھرنے کے باعث چھاتی تک زخمی ہوگئی اور گھر میں جھاڑو بہارو دینے
سے سارے کپڑے بھی چکٹ ہو گئے تھے پھر (کہیں مال غنیمت میں سے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کے پاس لونڈی غلام آئے تو میں نے صاحبزادی صاحبہ کو یہ رائے دی کہ تم اپنے باداجی کے
پاس جاؤ اور ایک خادم مانگو چنانچہ صاحبزادی خدمت اقدس میں گئیں تو وہاں چند آدمی بیٹھے
ہوئے تھے اسلئے (جھجکی ہی) واپس چلی آئیں اگلے روز حضور خود ہی صاحبزادی کے ہاں
تشریف لائے اور دریافت کیا کہ تمہیں کیا کام تھا (جو تم میرے پاس گئی تھیں صاحبزادی
خاموش ہوگئیں شرم کے مارے بولی ہی نہیں) تب میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں ان کا
مطلب عرض کیے دیتا ہوں ان کے چکی چلاتے چلاتے ہاتھوں میں گھٹے پڑ گئے ہیں اور
مشک سے پانی لاتے لاتے ساری چھاتی لہولہان ہورہی ہے اب چونکہ آپکے ہاں لونڈی
غلام آئے تھے تو میں نے ان کو یہ صلاح دی تھی کہ یہ آپ کی خدمت میں جائیں اور آپ سے
ایک غلام لونڈی مانگ لیں تاکہ وہ ان کی خدمت کرے اور یہ ان ناقابل برداشت
مصیبتوں سے نجات پائیں حضور نے (جواب میں) یہ فرمایا کہ اے فاطمہ اللہ سے ڈرو
اپنے رب کے فرائض ادا کرتی رہو اور اپنے گھر والوں کے کام برابر کرتی رہو اور جب (سونے
کے لیے) اپنے بستر پر لیٹو تو تینتیس دفعہ سبحان اللہ اور تینتیس ہی دفعہ الحمد للہ اور چونتیس
دفعہ اللہ اکبر پڑھ لیا کرو یہ تمہارے لیے خادم سے بھی اعلیٰ درجہ کی چیز ہے صاحبزادی صاحبہ
نے جواب دیا کہ بہتر ہے میں راضی ہوں اللہ سے بھی اور اللہ کے رسول سے بھی۔ ایک روایت
میں اتنا لفظ اور ہے کہ حضرت نے صاحبزادی کو کوئی خادم نہیں دیا۔ یہ حدیث بخاری مسلم
اور ابوداؤد نے روایت کی ہے یہ (مذکورہ) لفظ ابوداؤد ہی کے ہیں اور ترمذی نے
بھی اختصار کے ساتھ روایت کی ہے اور یہ کہدیا ہے کہ اس حدیث میں قصہ ہے۔ اور
قصہ ذکر نہیں کیا۔

فروہ بن نوفل سے مروی ہے اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے نوفل سے فرمایا تھا کہ تم قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ پڑھ کر سویا کرو کیونکہ

۲۵۷

اِس سورت میں شرک سے بیزاری کا اظہار) ہے۔ یہ حدیث ابوداؤد نے روایت کی ہے اور لفظ انہیں کے ہیں ترمذی اور نسائی نے متصل اور مرسل دونوں طرح روایت کی ہے ابن حبان نے بھی اپنی صحیح میں اور حاکم نے روایت کر کے اسکو صحیح الاسناد کہا ہے۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا تھا کہ دو چیزیں ایسی ہیں کہ جو بھی مسلمان ان کو پابندی سے نبہالے وہ ضرور ہی جنت میں جائیگا۔ وہ دونوں چیزیں ویسے تو آسان ہیں اور اُن کے کرنے والے پھر بھی کم ہی ہیں (پہلی چیز تو یہ ہے کہ) آدمی ہر نماز کے بعد دس دفعہ سبحان اللہ پڑھ لیا کرے دس دفعہ الحمدللہ اور دس ہی دفعہ اللہ اکبر یہ (مجموعہ پانچوں نمازوں کے بعد کی مل کر) زبان سے پڑھنے میں تو ڈیڑھ سو ہوں گی اور میزان عمل میں (ایک نیکی کی دس کے قاعدے سے) ڈیڑھ ہزار ہو جائینگی (دوسری چیز یہ ہے کہ جب آدمی اپنے بستر پر لیٹنے لگے تو چونتیس دفعہ تو اللہ اکبر پڑھے اور تینتیس دفعہ سبحان اللہ اور تینتیس ہی دفعہ الحمدللہ پڑھ لیا کرے۔ یہ زبان سے پڑھنے میں تو سو دفعہ ہوگی اور میزان عمل میں (اُسی مذکورہ قاعدہ سے) ایک ہزار ہوگی (راوی کہتے ہیں) میں نے حضرت کو دیکھا کہ آپ اپنی اُنگلیوں پر گنتی کا اشارہ کر کے فرما رہے تھے صحابہ کہنے لگے کہ یا رسول اللہ ان دونوں چیزوں کے آسان ہوتے ہوئے بھی ان کے کرنے والے کم کیوں ہوں گے فرمایا (اس کمی کی وجہ یہ ہے) کہ ہر ایک کے سونے کے وقت شیطان اس کے پاس آجاتا ہے اور یہ کلمات کہنے سے پہلے ہی اسکو (تھپک تھپکا کر) سولا دیتا ہے علیٰ ہذا القیاس نماز پڑھنے میں بھی وہ آموجود ہوتا ہے اور یہ کلمات پڑھنے سے پہلے ہی اسکو اور ضروری کام یاد دلا دیتا ہے (جس سے آدمی انکو چھوڑ کر اٹھ جاتا ہے) یہ حدیث ابوداؤد نے روایت کی ہے یہ لفظ بھی ان ہی کے ہیں اور ترمذی نے روایت کر کے اسے حسن صحیح کہا ہے نسائی نے اور ابن حبان نے بھی اپنی صحیح میں روایت کیا ہے ان دونوں نے ان لفظوں کے بعد کہ میزان عمل میں ڈیڑھ ہزار ہو جائیں گی اتنا اور زیادہ روایت کیا کہ (اس کے بعد) حضور نے یہ بھی فرمایا کہ ایک رات دن میں تم میں سے ڈھائی ہزار گناہ کون سا کرتا ہے (یعنی نہیں کرتا لہذا نیکیوں کا پلہ بھاری ہی ہوگا جنتی ہی ہوگا)۔

۲۵۸

عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے مسبحات پڑھا کرتے اور یہ فرمایا کرتے تھے کہ انمیں ایک آیۃ ایسی ہے کہ وہ (اکیلی) ہزار آیتوں (کے پڑھنے) سے بہتر ہے۔ یہ حدیث ابوداؤد۔ ترمذی نے روایت کی ہے۔ یہ لفظ ترمذی کے ہیں اور یہ بھی کہا ہے کہ حدیث حسن غریب ہے۔ امام نسائی نے اس حدیث کو روایت کرکے یہ فرمایا ہے کہ معاویہ بن صالح یہ فرماتے تھے کہ علماء دین مسبحات سے یہ چھ سورتیں مراد لیتے ہیں۔ حدید۔ حشر حواریین۔ جمعہ۔ تغابن۔ سبح اسم ربک الاعلی۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا تھا کہ جس شخص نے اپنے بستر پر لیٹتے وقت یہ پڑھ لیا لاالہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شئی قدیر لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر تو اس کے سارے گناہ بخشے جائیں گے۔ صغیرہ یا کبیرہ اسکی تعیین میں مسعر (راوی حدیث) کو شک ہوگیا ہے۔ (کہ کیا لفظ فرمایا تھا) اگرچہ وہ گناہ سمندر کے جھاگوں کے برابر ہوں۔ یہ حدیث نسائی نے اور ابن حبان نے اپنی (کتاب) صحیح میں روایت کی ہے یہ الفاظ (مذکورہ) ابن حبان ہی کے ہیں اور نسائی میں (بجائے سبحان اللہ کے) سبحان اللہ وبحمدہ ہے اور آخر حدیث میں اتنا اور زیادہ ہے کہ اس پڑھنے والے کے گناہ اگرچہ سمندر کے جھاگوں سے بھی زیادہ ہوں تب بھی سب بخشدیئے جائیں گے۔

شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا مسلمانوں میں سے کوئی بھی ہو جو اپنے بستر پر لیٹتے وقت قرآن مجید کی کوئی سی بھی سورت پڑھ لے تو اس پر اللہ میاں ایک فرشتہ ایسا (محافظ) مقرر کردیتے ہیں کہ پھر کوئی موذی چیز اس کے قریب بھی نہیں آتی یہاں تک کہ یہ سوکر اٹھے۔ یہ حدیث امام ترمذی نے روایت کی ہے اور امام احمد نے بھی مگر انھوں نے ان لفظوں سے روایت کی ہے حضور نے فرمایا کہ اللہ میاں ایسے آدمی کے پاس ایک فرشتہ بھیجدیتے ہیں جو اس سونے کی ہر ایسی چیز سے حفاظت کرتا ہے جو اسکو ستائے یہاں تک کہ یہ سوکر اٹھے جس وقت بھی اٹھے۔ امام احمد کی روایت کے راوی صحیح حدیث کے راوی ہیں۔

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا کہ جب آدمی اپنے بستر پر لیٹ جاتا ہے تو فوراً ہی اس کے پاس ایک فرشتہ اور ایک شیطان آجاتا ہے فرشتہ تو یہ دعا کرتا ہے کہ تیرا خاتمہ بالخیر ہو اور شیطان یہ بد دعا کرتا ہے کہ تیرا خاتمہ برا ہو پھر اگر یہ آدمی ذکر الٰہی کرتا ہوا سو گیا تو رات بھر وہ فرشتہ اسکی حفاظت کرتا ہے۔ جب اس کی آنکھ کھلتی ہے پھر فرشتہ دعا کرتا ہے کہ خیر (وبرکات) کے ساتھ اٹھو اور شیطان کہتا ہے تباہی نصیب ہو اب اگر اس آدمی نے (بیدار ہوتے ہی) یہ پڑھ لیا الحمد للہ الذی رد علی نفسی و لم یمتہا فی منامی الحمد للہ الذی یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا الآیۃ الحمد للہ الذی یمسک السماء ان تقع علی الارض الا باذنہ (بس) اب اگر یہ آدمی اپنے اس پلنگ پر ہی سے گر کر مر گیا تو سیدھا جنت میں جائیگا۔ یہ حدیث ابو یعلیٰ نے صحیح سند سے روایت کی ہے اور حاکم نے بھی انکی روایت کے آخر میں یہ لفظ زیادہ ہیں۔ الحمد للہ الذی یحیی الموتیٰ وھو علی کل شئ قدیر۔ اور حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث مسلم کی شرط پر صحیح ہے۔

۲۶۰

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مجھ سے) فرمایا تھا کہ اگر تم اپنے بستر پر لیٹکر الحمد للہ اور قل ھو اللہ احد پڑھ لیا کرو تو موت کے سوا ہر چیز سے تم امن میں ہو جاؤ گے۔ یہ حدیث بزار نے روایت کی ہے اور اس کے راوی صحیح حدیث کے راوی ہیں سوائے غسان بن عبید کے۔

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا تھا کہ جو شخص اپنے بچھونے پر سونیکا ارادہ کرے اور دائیں کروٹ لیٹکر سو دفعہ قل ھو اللہ احد پڑھ لیا کرے تو (خدا کے ہاں یہ اتنے مرتبہ کا ہو جائیگا کہ) جب روز قیامت ہوگا تو خدا تعالےٰ اس سے فرمائیں گے کہ اے میرے بندے تو اپنی دائیں جانب سے جنت میں چلا جا۔ یہ حدیث ترمذی نے روایت کر کے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا تھا جو شخص اپنے بچھونے پر لیٹتے وقت یہ پڑھ لیا کرے استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ۔ تو اس کے سارے ہی گناہ بخشے جائیں گے اگرچہ

وہ گناہ سمندر کے جھاگوں کے برابر کیوں نہ ہوں یا درختوں کے پتوں کے عدد کی برابر کیوں نہ ہوں یا ریتے کے تودوں کے ذرات کی برابر یا ایام دنیا کے عدد کی برابر کیوں نہ ہوں۔ یہ حدیث ترمذی نے وصافی کی سند سے روایت کی ہے اور حسن غریب کہا ہے۔

ابو عبد الرحمن حبلی سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمرو نے ہمیں ایک کاغذ دکھلایا اور یہ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اس میں لکھی ہوئی یہ دعا) ہمیں سکھایا کرتے تھے۔ اللھم فاطر السموت والارض عالم الغیب والشہادۃ انت رب کل شئ والٰہ کل شئ اشھد ان لا الٰہ الا انت اعوذبک من الشیطان وشرکہ واعوذ بک ان اقترف علی نفسی سوءا او اجرہ علی مسلم ابو عبد الرحمن فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبد اللہ بن عمرو کو یہ دعا سکھاتے ہوئے فرماتے تھے کہ اسکو سوتے وقت پڑھ لیا کرو یہ حدیث امام احمد نے حسن سند سے روایت کی ہے۔

ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جب کوئی بچھونے پر لیٹتے وقت یہ دعا پڑھ لے الحمد للہ الذی علی فقھر وبطن فخبر وملك فقدر الحمد للہ الذی یحیی ویمیت وھو علی کل شی قدیر تو اپنے گناہوں سے ایسا پاک صاف ہو جائے گا جیسا ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کے دن تھا۔ یہ حدیث طبرانی نے (اپنی کتاب) اوسط میں اور حاکم نے اور بیہقی نے شعب الایمان وغیرہ میں روایت کی ہے

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جس نے بچھونے پر لیٹتے وقت یہ دعا پڑھ لی الحمد للہ الذی کفانی وآوانی والحمد للہ الذی اطعمنی وسقانی والحمد للہ الذی من علی فافضل تو بس اس نے اللہ کو حمد کے مجموعہ طرق سے موصوف کر دیا یہ حدیث بیہقی نے روایت کی ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۃ الفطر (کے غلہ وغیرہ) کی حفاظت کے لیئے تعینات کیا۔ میں پہرہ دے رہا تھا کہ ایک مسافر نے آکر اس غلہ میں سے دو ہتڑیں بھرنی شروع کر دیں میں نے اسے پکڑ لیا اور کہا کہ اب میں تجھے رسول اللہ کے پاس پہنچاؤں گا وہ کہنے لگا کہ میاں (غریب آدمی ہوں محتاج ہوں

قرضدار ہوں عیالدار ہوں اور انتہا درجہ ضرورتمند ہوں میں نے (رحم کھاکر) اسے چھوڑ دیا صبح کو میں حضور سے ملا تو آپنے فرمایا اے ابوہریرہ تمہارا وہ رات والا قیدی کیا ہوا میں نے عرض کیا یارسول اللہ اس نے اپنی بڑی حاجتمندی اور عیالداری ظاہر کی تو مجھے رحم آگیا فرمایا کہ وہ تو تم سے جھوٹ بول گیا ہے اور دیکھنا وہ پھر بھی آوے گا میں نے رسول اللہ کے فرمانے کی وجہ سے یقین کرلیا کہ ضرور آوے گا چنانچہ (اگلے روز) میں انتظار میں ہی تھا کہ وہ پہلی کی طرح آکر دونوں ہتھیں بھرنے لگا میں نے پھر پکڑ لیا اور اس کے بعد تیسرے روز بھی اسی طرح ہوا تب میں نے کہا کہ اب میں ضرور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیخدمت میں پیش کرونگا کیونکہ یہ تیسری دفعہ اور آخری درجہ ہے تو ہر دفعہ کہہ جاتا ہے کہ اب نہیں آؤنگا پھر آجاتا ہے (لہذا اب میں نہیں چھوڑنے کا) کہنے لگا کہ تم چھوڑ دو میں تمھیں ایک عمل بتادونگا اس سے اللہ تمھیں بہت فائدہ پہنچائیگا میں نے کہا آخر وہ عمل ہے کیا کہنے لگا کہ جب تم اپنے بچھونے پر لیٹو تو آیۃ الکرسی اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم سے ختم آیۃ تک پڑھکر سویا کرو اسکے پڑھنے پر اللہ میاں کیطرف سے تمپر ایک خاص محافظ (فرشتہ) مقرر ہوگا اور شیطان صبح تک تمھارے پاس تک بھی نہیں آئیگا (خیر) میں نے اسے پھر چھوڑ دیا اور صبح کو حضور کے ہاں قدمبوس ہوا تو حضور نے پھر پوچھا کہ تمھارا رات کا قیدی کیا ہوا میں نے عرض کیا یارسول اللہ اس نے مجھسے یہ کہا کہ میں تمھیں ایک عمل بتادونگا اس سے اللہ تمہیں بہت فائدہ پہنچائیگا آپنے پوچھا کہ پھر اس نے کیا عمل بتایا میں نے عرض کیا حضور اس نے یہ بیان کیا کہ جب تم بچھونے پر لیٹو تو آیۃ الکرسی شروع سے اخیر تک پڑھ لیا کرو۔ اور یہ بھی کہا کہ اس کے پڑھنے کے باعث اللہ میاں کی طرف سے تمپر ایک محافظ مقرر ہوجائیگا اور شیطان صبح تک تمھارے قریب بھی نہ آئیگا۔ حضور نے فرمایا واقعی بات یہ ہے کہ ہے تو یہ یقینًا جھوٹا لیکن یہ عمل تمھیں یقینًا سچا بتلا گیا ہے۔ اور اے ابوھریرہ تمھیں معلوم بھی ہے کہ تین روز سے تمھاری یہ باتیں کس سے ہوا کرتی تھیں میں نے کہا حضور نہیں (بالکل معلوم نہیں کون تھا کہاں سے آتا تھا) فرمایا یہ شیطان تھا (آدمی نہیں تھا)۔ یہ حدیث بخاری اور ابن خزیمہ وغیرہ نے روایت کی ہے اور ترمذی وغیرہ نے ابوایوب کی سند سے

۲۶۲

اسی کے قریب قریب روایت کی ہے اِس میں ایک اور سند سے مروی ہونے میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ اُس چور نے ابوہریرہ سے یہ بھی کہا کہ تم مجھے چھوڑدو میں تمھیں قرآن شریف کی ایک ایسی آیۃ بتادونگا کہ مال واولاد میں سے جس چیز پر بھی اسے پڑھ دوگے تو پھر شیطان اِس کے قریب بھی کبھی نہیں آیگا (ابوہریرہ کا قول ہے) میں نے کہا وہ آیت کونسی ہے کہنے لگا میں تو اپنی زبان سے اسکو پڑھ نہیں سکتا (صرف نام بتائے دیتا ہوں کہ) آیۃ الکرسی ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جو شخص کہیں بلا ذکر آلہی کرتے سوگیا تو اسکی وجہ سے قیامت کے دن اس سے ضرور گرفت ہوگی اور جو کسی مجلس میں بیٹھا اور وہاں ذکر آلہی نہیں کیا تو اس پر بھی اِس سے گرفت ہوگی یہ حدیث ابوداؤد نے روایت کی ہے اور نسائی نے صرف پہلا جملہ روایت کیا ہے

ایسی دُعاؤں کی ترغیب کہ جو رات کو سوکے اُٹھکر پڑھنی چاہئیں

۲۶۳

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا تھا کہ جس نے رات کو نیند سے بیدار ہوکر یہ پڑھ لیا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئ قدیر سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ پھر اللھم اغفر لی یا اور کچھ دعا کی تو اسکی دعا (فوراً) قبول ہوجائے گی اور اگر وضو کرکے کچھ نماز پڑھ لی تو نماز بھی قبول ہوجائیگی یہ حدیث بخاری ابوداؤد وترمذی نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کی ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے کہ رات کو جب اللہ میاں نے مسلمان آدمی کی روح (اسکی طرف) لوٹادی (اور یہ زندہ اُٹھ کھڑا ہوا) پھر اس نے اللہ کی تسبیح وتمجید کی استغفار کیا دعا مانگی تو اسکی طرف سے یہ سب عمل قبول ہوجاتا ہے۔ یہ حدیث ابن ابی الدنیا نے روایت کی ہے۔

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت

کرتے ہیں آپ نے فرمایا تھا کہ جس نے رات کو کروٹ لیتے ہوئے دس دفعہ بسم اللہ پڑھی اور دس ہی دفعہ سبحان اللہ اور دس ہی دفعہ آمنت باللہ وکفرت بالطاغوت کہہ لیا تو یہ ہر ایسے گناہ سے محفوظ رہے گا جس کا اسے اندیشہ ہوا اور کوئی ایسا گناہ اسکو پیش نہیں آئیگا۔ یہ حدیث طبرانی نے (اپنی کتاب) اوسط میں روایت کی ہے۔

تہجد کی نماز کی ترغیب

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا تھا کہ جب آدمی سوجاتا ہے تو شیطان اسکی گدی پر تین گرہیں لگا دیتا ہے۔ ہر گرہ پر یہ (منتر) دم کر دیتا ہے۔ علیک لیل طویل فارقد (یعنی ابھی تو رات بہت باقی ہے سوئے جا) پس اگر (اتفاقیہ) اسکی آنکھ کھل گئی اور اس نے کچھ ذکر الٰہی کر لیا تو (اس سے) ایک گرہ کھل جاتی ہے اور اگر اٹھ کر وضو کر لیا تو دوسری بھی کھل جاتی ہے اسکے بعد اگر نماز پڑھ لی تو تیسری بھی کھل جاتی ہے اور صبح کو ایسا آدمی ہنسی خوشی تازہ دم ہو کر اٹھتا ہے ورنہ مردہ دلی سست کاہل ہونے کی حالت میں صبح کرتا ہے یہ حدیث امام مالک بخاری مسلم ابوداؤد نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کی ہے اور الفاظ حدیث میں کچھ فرق بھی بیان کیا ہے۔

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ ہر مرد و عورت کے سونے کے وقت اس کے سر پر (شیطان کیطرف سے) گرہیں لگا دی جاتی ہیں اب اگر کسیکی آنکھ کھل گئی اور اس نے کچھ ذکر الٰہی کر لیا تو ایک گرہ کھل گئی اور جو اٹھ کر وضو کر لیا نماز پڑھ لی تو ساری گرہیں کھل گئیں اور ایسا آدمی ہلکا پھلکا ہنسی خوشی اٹھتا ہے۔ نیکی کرنے کی توفیق بھی زیادہ ہوتی ہے (اور اس کے برخلاف کرنے والا نقصان میں رہتا ہے) حدیث ابن خزیمہ نے روایت کی ہے اور ابن حبان نے بھی (اپنی کتاب) صحیح میں نقل کی ہے۔

(باقی آئندہ)

۲۶۴

سلسلہ تسہیل المواعظ کا بیسواں وعظ

مسمے بہ

توبہ کی تفصیل

منتخب از تفصیل التوبہ وعظ ہشتم دعوات عبدیت

حصہ سوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خطبہ ماثورہ:۔ اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ط بسم اللہ الرحمن الرحیم ط یایھا الذین اٰمنوا توبوا الی اللہ توبۃ نصوحا ط عسی ربکم ان یکفر عنکم سیاٰتکم ویدخلکم جنٰت تجری من تحتھا الانھر ط **ترجمہ**۔ اے ایمان والو توبہ کرو طرف اللہ کے خالص توبہ قریب ہی کہ معاف کردیں گناہ تمہارے اور داخل کریں تم کو جنتوں میں کہ جاری ہوں انکے (درختوں کے) نیچے نہریں اس آیت کے متعلق یہ مضامین ہیں۔

(۱) یہ ایک آیت ہے کہ جسکی صبح[۱] بھی تلاوت کی گئی تھی اور اسکے مناسب کچھ مضامین بیان ہوئے تھے اسوقت یہ معلوم نہ تھا کہ دوسرا موقع اتنی جلدی بیان کرنیکا ملجائے گا اسلئے یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ اس آیت کا مقصود پھر کبھی بیان کردیا جائے گا مگر یہ خدا کا فضل ہی

[۱] اس صبح کو بھی اسی آیت کے متعلق بیان ہوا تھا ۱۲ منہ۔

کہ اس نے اتنی جلدی موقع دیدیا لیکن یہ ضرور ہے کہ چونکہ اس وعظ میں عورتیں بھی جمع ہیں اور یہ وعظ اصل میں عورتوں ہی کو سُنانا مقصود ہے اسلئے رنگ بیان کا دوسرا ہوگا۔ اور اسوقت زیادہ مضامین عورتوں کی ضرورت کے لائق ہونگے اور اس طرز سے بیان ہونگے۔ کہ عورتوں کی سمجھ میں آجائیں پس اگر مردوں کو اس وقت کے بیان مین مزہ نہ آئے تو تنگدل نہوں اسلئے کہ اول تو مزہ مقصود نہیں دوسرے کبھی تو عورتوں کو بھی کچھ دین کا بیان سُننا چاہیئے جسکے لئے انکی سمجھ کی رعایت کرنا ضروری ہے۔

(۲) مقصود اس آیت کا یہ ہے کہ خدا تعالےٰ اپنے ایمان والے بندوں کو توبہ کا حکم فرماتے ہیں چنانچہ ترجمہ سے معلوم ہوگا فرماتے ہیں کہ اے ایمان والو خدا کی طرف متوجہ ہو جاؤ اسیکو توبہ کہتے ہیں کہ بندہ خدا کی طرف متوجہ ہوجائے یہی توبہ کی حقیقت ہے اور صرف لفظ توبہ زبان سے کہہ لینا کافی نہیں چونکہ توبہ کی حقیقت بیان ہوچکی اسلئے اب میں توبہ ہی کا لفظ کہونگا سنئے خدا تعالےٰ فرماتے ہیں کہ اے ایمان والے بندو توبہ کرو خدا کی طرف خالص توبہ اس آیت کا یہ مضمون کوئی نیا مضمون نہیں ہے بہت دفعہ کانون میں پڑا ہوگا لیکن شاید کسی کو یہ شبہ ہو کہ جب یہ پُرانا مضمون ہے تو اسکے اسوقت بیان کرنے کی کیا ضرورت تھی سو ضرورت یہ ہے کہ وعظ میں جو مضمون بیان کیا جاتا ہے اس سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ اسپر عمل کیا جائے اور جب کئی مرتبہ سننے کے بعد بھی ایک مضمون پر عمل نہ ہو تو معلوم ہوا کہ ابھی اسکے دہرانے کی ضرورت ہے تاکہ اس طرف توجہ پیدا ہو بلکہ جو مضمون معلوم نہیں ہیں انسے بھی اس مضمون کی ضرورت زیادہ ہوگی وجہ یہ ہے کہ جان بوجھ کر خلاف کرنا بہت بڑی مصیبت ہے اسکا علاج نہایت ضروری ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جو شخص کسی جگہ اکثر وعظ کہا کرتا ہو اسے تو چاہیئے کہ ترتیب وار مضمون بیان کرے اور جسکو کبھی کبھی موقع ملے جیسے کہ اسوقت میرا آنا مسافرانہ ہوگیا ہے اسکو چاہیئے کہ جو مضمون زیادہ ضروری ہو اسیکو بیان کرے اور ظاہر ہے کہ اس مضمون سے زیادہ ضروری اور کونسا مضمون ہوگا کہ جسکی ہر وقت ہم کو ضرورت ہو تو توبہ کا مضمون ایسا ہے کہ ہر حالت کو عام ہے اور ہر وقت ہم کو اسکی ضرورت ہے کیونکہ توبہ گناہ سے ہوا کرتی ہے اور گناہ ہم سے ہر وقت ہوتے ہیں اسپر شاید کسیکو تعجب ہو

کہ ہر وقت تو ہم گناہ نہیں کرتے تو وجہ اس تعجب کی یہ ہے کہ لوگوں کو گناہ کی حقیقت معلوم نہیں
صرف ٹوٹی پھوٹی فہرست گناہوں کی یاد کر رکھی ہے کہ چوری قتل بدکاری جوا وغیرہ ہی گناہ ہیں
مگر جب گناہ کی حقیقت معلوم ہوگی تو معلوم ہوگا کہ کوئی وقت بھی ہمارا گناہ سے خالی نہیں اور
جب ایسا ہے تو ہر وقت ہم کو توبہ کی ضرورت ہے گناہ کا خلاصہ ہے خدا کی نافرمانی کرنا تو
اول تو یہ معلوم کرو کہ خدا نے کس کس بات کا ہم کو حکم کیا ہے پھر دیکھو کہ ہم ان میں سے کتنے حکموں
پر عمل کرتے ہیں اور جن باتوں سے ہم کو روکا ہے ان سے کہاں تک بچتے ہیں اور یہ اسوقت
ہوگا کہ شریعت کا علم سیکھا جائے کیونکہ بدون علم شریعت کے سیکھے یہ باتیں کیونکر
معلوم ہو سکتی ہیں افسوس ہے کہ آجکل مسلمانوں نے خاصکر عورتوں نے علم دین کی طرف
سے بالکل توجہ ہٹالی عورتوں کو اول تو موقع نہیں ملتا کہ علم دین سیکھیں اور نہ انکو توجہ ہے
اور عورتوں کے بارے میں بڑا قصور مردوں کا ہے کہ وہ ان سے صرف کھانے پکانے کا
کام لیتے ہیں اور علم دین سکھانے کی ذرا کوشش نہیں کرتے کیونکہ یہ تو ظاہر ہے کہ عورتیں
مردوں کی طرح باہر پھر کر علم نہیں سیکھ سکتیں اسلئے کہ ان کو پردے سے نکلنا جائز نہیں
اب اگر وہ علم سیکھ سکتی ہیں تو اسیطرح کہ مرد توجہ کریں اور اس کام کو اپنے ذمہ لیں آجکل کے عقلمند
پردے کے مسئلہ میں بھی بہت کچھ زبان درازیاں کرتے ہیں میں اسکے لئے مختصر طور پر بیان
کرتا ہوں کہ دیکھیے حضور پرنور (صلے اللہ علیہ وسلم) کی بیبیاں تمام امت کی مائیں ہیں اور ظاہر ہے
کہ ماں کے ساتھ بیٹوں کو کسی قسم کے فتنہ کا احتمال ہو ہی نہیں سکتا لیکن باوجود اس کے
دیکھ لیجئے کہ پردے کے بارہ میں ان کو کیا کیا حکم ہوئے پہلا حکم یہ ہے کہ گھر میں بیٹھی
رہو تو جب ان کو ارشاد ہوا ہے کہ گھر میں بیٹھی رہو اور باہر نہ نکلو تو پھر اور عورتوں
کو کیسے حکم نہ ہوگا اور اسی آیت پر بس نہیں بلکہ دوسری آیات بھی موجود ہیں فرماتے
ہیں کہ مسلمان عورتوں کو حکم فرما دیجئے کہ اپنی نگاہیں پست رکھیں اور اپنی زیب
و زینت ظاہر نہ کریں تو جب پردہ ضروری ہے تو ظاہر ہے کہ عورتوں کو ایسا موقع
نہیں ملسکتا کہ وہ باہر پھر کر علم دین سیکھیں۔ اس لئے مردوں پر واجب ہے کہ علم دین
کے احکام بتلائیں حدیث میں ہے کہ تم سب ذمہ دار ہو اور تم سے قیامت میں تمہاری

گناہ کی حقیقت

۲

ذمہ داری کی چیزوں سے سوال ہوگا قرآن شریف میں ہے کہ اے ایمان والو بچاؤ تم اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو آگ سے تو گھر والوں کے بچانے کے معنی یہی ہیں کہ ان کو تنبیہ کرو اور بتلاؤ بعض لوگ بتلا تو دیتے ہیں مگر پھر ڈھیل چھوڑ دیتے ہیں کہتے ہیں کہ دس دفعہ تو کہدیا نہ مانیں تو ہم کیا کریں۔

صاحبو یہ سب غور کرنے کی وجہ ہے میں نمونہ کے طور پر ایک مثال بیان کرتا ہوں کہ اگر کسی دن کھانے میں نمک بہت تیز ہو گیا ہو اور آپ گھر والوں کو بہت سخت سست کہہ لیں لیکن باوجود آپ کے کہنے کے اگلے دن بھی وہی حالت ہو یہاں تک کہ پندرہ روز تک برابر کھانے میں نمک تیز رہے تو اس وقت آپ کیا معاملہ کریں گے کیا وہی برتاؤ کریں گے جو دین کے حکموں میں کرتے ہیں یا کچھ اور۔ ظاہر ہے کہ یہ برتاؤ ہرگز نہ کیا جائے گا بلکہ کم سے کم اتنا ضرور کیا جائے گا کہ اس کا پکا ہوا کھانا نہ کھایا جائے گا کیا کوئی صاحب بتلا سکتے ہیں کہ انھوں نے ایسے موقع پر نہایت نرمی سے کہا ہو کہ بی صاحبہ کھانے میں نمک تیز نہ کیا کیجئے اور اگر اس پر نہ مانا ہو تو یہ کہکر خاموش ہو رہے ہوں۔ کہ ہم نے تو دس دفعہ کہدیا نہ مانے تو ہم کیا کریں تو صاحبو جب اپنے معاملہ میں اس قدر سختی برتی جاتی ہے تو کیا وجہ کہ دین کے معاملے میں یہ سختی نہیں معلوم ہوا کہ دین کی اسقدر ضرورت خود تمہارے دل میں نہیں ہے اگر نماز روزے کے بارے میں بھی اُسی سختی سے کام لیتے جس سے نمک تیز ہونے کے وقت کام لیا تھا تو ضرور اثر ہوتا اور میں ایک آسان تدبیر اسکی بتلاتا ہوں کہ اس پر عمل کرنے سے ضرور دین کی پابندی ہو جائے گی وہ یہ ہے کہ جس روز نماز روزہ وغیرہ میں عورتوں کی ذرا سستی دیکھو اس روز ان کے ہاتھ کا کھانا نہ کھاؤ یہ ایسی سخت سزا ہے کہ اس کے بعد بہت جلد اصلاح ہو جائے گی کیونکہ جس روز تم ان کے ہاتھ کا کھانا نہ کھاؤ گے اس روز ضرور ان کا بھی فاقہ ہوگا

پس جب دو چار روز ایسا ہوگا تو خود سنبھل جائیں گی تو طریقہ یہ ہے۔ صاحبو کام تو کرنے ہی سے ہوتا ہے نری باتوں سے نہیں ہوتا۔ پس زیادہ قصور مردوں کا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ عورتوں کو علم دین سیکھنے کا بہت کم موقع ملتا ہے۔ اس لئے مناسب ہے کہ جب عورتوں کو کچھ سنایا جائے تو انہیں کی ضرورت کا زیادہ لحاظ رکھا جائے مردوں کی رعایت نہ کرے اس لئے اس وقت کا بیان بالکل سادہ ہوگا دوسرے اس لئے بھی اس وقت خاص عورتوں کے متعلق مضامین بیان کئے جائیں گے کہ مردوں کو یہ بات معلوم ہو جائے کہ ہم جب عورتوں کو نصیحت کیا کریں تو کیا نصیحت کیا کریں۔

خلاصہ یہ ہے کہ اس مقام پر توبہ کا حکم ہے اور توبہ گناہ سے ہوتی ہے اور گناہ کا علم دین کے جاننے سے ہوتا ہے کہ اس سے یہ پتہ چل جاتا ہے کہ گناہ کس قدر ہیں اور یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ شاید ہی کوئی وقت ایسا گزرتا ہو کہ ہم سے گناہ نہ ہوتے ہوں دیکھئے ایک دل ہی ہے کہ اسکے گناہوں کو کوئی گناہ ہی نہیں سمجھتا حالانکہ اس کے بہت سے گناہ ہیں اگر کسی شخص کو حقارت کی نگاہ سے دیکھا یہ بھی گناہ ہے جس کو کوئی گناہ ہی نہیں سمجھتا۔ حضرت جنیدؒ کی حکایت ہے کہ آپ نے ایک مرتبہ ایک شخص کو سوال کرتے دیکھا جو کہ صحیح و تندرست تھا آپ نے دل میں فرمایا کہ یہ شخص اچھا خاصہ ہٹا کٹا ہے۔ اور پھر بھیک مانگتا ہے۔ رات کو آپ نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص آپ کے پاس مردار لایا اور کہا کہ اسکو کھایئے انھوں نے کہا کہ یہ تو مردہ ہے کیونکر کھاؤں اس شخص نے جواب دیا کہ آج صبح تم نے اپنے ایک بھائی کا گوشت کھایا ہے تو اس کے کھانے میں کیوں تامل کرتے ہو انھوں نے کہا کہ میں نے تو کسیکا گوشت نہیں کھایا جواب ملا کہ تم نے ایک مسلمان کی غیبت کی تھی کہا میں نے تو کسیکی غیبت نہیں کی اس نے جواب دیا کہ اگرچہ زبان سے

۵ حضرت جنیدؒ کی حکایت غیبت کے بارہ میں

غیبت نہیں کی لیکن دل میں تو اسکو حقیر سمجھا اور دل ہی سے تو سب کچھ ہو جاتا ہے۔
آخر حضرت جنید رح بہت گھبرائے اور اس فقیر کے پاس پہونچے وہ کوئی کامل شخص
تھا ان کو دیکھتے ہی کہا وَھُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ عَنْ عِبَادِہٖ۔ یعنی خدا تعالےٰ
ہی بندوں کی توبہ قبول کرتے ہیں سو ان گناہوں کی طرف کبھی ہمارا خیال بھی
نہیں جاتا کہ یہ بھی گناہ ہیں۔

اسیطرح زبان کے اکثر گناہ ہیں اور اسیطرح اپنے کو بڑا سمجھنا اسکو
بھی ہم لوگ گناہ نہیں سمجھتے بلکہ اسکو عزت سمجھتے ہیں اور ضروری جانتے ہیں صاحبو
گناہ کی علامت یہ ہے کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہو۔
تو دیکھ لیجئے ان گناہوں سے کسقدر ممانعت کی ہے اور کیسی کیسی ان کی سزائیں
مقرر کی ہیں غرور اور غیبت پر کیسی سخت سزا مقرر کی ہے اور اسیطرح بلا تحقیق کوئی
بات کہدینے پر کیسی دھمکی ہے تو جب لوگ علم دین حاصل کریں گے اس طرح کہ
مرد تو پڑھیں اور عورتیں یا تو پڑھ لیں اور اگر اسکا موقع نہ ملے تو مولویوں کی چھوٹی چھوٹی ۶
کتابیں سنکر یاد کرلیں اس وقت انکو معلوم ہوگا کہ گناہ کیا کیا ہیں چنانچہ شادی
اور غمی میں اسقدر رسمیں شریعت کے خلاف ہوتی ہیں جن کی کچھ حد نہیں اکثر لوگ
شادی میں یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ناچ نہ کرایا اور گانا نہ ہوا تو بس کوئی رسم ہم نے
نہیں کی شرع کے موافق نکاح ہوگیا حالانکہ ناچ اور گانے کے سوائے اور
بہت سی رسمیں ایسی ہیں کہ وہ بدعت ہیں بلکہ بعض تو شرک کے درجہ تک
پہونچگئی ہیں مگر خدا کا شکر ہے کہ یہ رسمیں بہت کچھ چھوٹ گئی ہیں جیسے دولہا
کو اُلّو کا گوشت کہلانا یا دامن میں ہلدی باندھنا میانہ سے اتر کر چارپائی پر
نہ بیٹھنا وغیرہ وغیرہ لیکن ان رسموں کے چھوٹنے کے ساتھہی ایسی رسمیں بڑھ گئیں
جن میں نام نمود زیادہ ہے کیونکہ بہ نسبت پہلے کے اب مال کی زیادہ کثرت
ہے پہلے لوگوں میں اس قدر امیری کب تھی ایسا ساز و سامان کہاں تھا
یہ رنگ برنگ کے کپڑے کوئی جانتا بھی نہ تھا چنانچہ اب بھی جو لوگ پرانی

وضع کے باقی ہیں ان کی زندگی بالکل سیدھی سادی ہے اور آجکل کے نئے رنگینوں کی
تو یہ حالت ہے کہ ایک مقام پر پہونچکر مجھے معلوم ہوا کہ شادی میں ڈیڑھ ہزار
کا صرف کپڑا ہی کپڑا دیا گیا شاید اس کو تو ساری عمر میں بھی اس میں سے
آدھا کپڑا پہننا نصیب نہ ہو کیونکہ اول تو کپڑا اسقدر دوسرے عورتوں کا پہننا
کہ ایک ایک کپڑے کو دس دس برس تک احتیاط سے رکھکر پہنتی ہیں۔
کیونکہ ان کی حالت یہ ہے کہ اپنے گھر میں تو ایسی حالت میں رہیں گی کہ صورت
دیکھکر بھی نفرت پیدا ہو اور دوسری جگہ جائیں گی تو بن سنور کر خدا جانے
دوسری جگہ کس کو دکھلانا منظور ہوتا ہے اور پھر ان کا دل ہر وقت
اس کپڑے ہی میں ہوتا ہے کہ آج دھوپ دکھلائی جا رہی ہے اور کل
صاف کیا جا رہا ہے خدا کی پناہ اور تعجب یہ ہے کہ ان کا جی نہیں گھبراتا
لیکن جب دوسرا کوئی کام نہیں تو آخر یہ بچاری دن کس طرح کاٹیں
اسی طرح شادی میں فضولیات ہوتے ہیں دیکھئے ایک کھانا کھلانا ہے کہ
ساری برادری کو نوتا جاتا ہے مشورہ کرنا ہے کہ ایک ایک سے رائے
لی جاتی ہے ایک صاحب نے اپنی لڑکی کا نکاح کرنا چاہا اور یہ رائے ہوئی کہ
اس خوشی میں ایک ہزار روپیہ کسی اسلامی مدرسہ میں دیدیں ان بیچاروں سے
خطا یہ ہوئی کہ برادری کو جمع کرکے رائے لے لی تمام برادری نے ان کو دق
کر دیا اور کہا کہ ہمارا جو کچھ آپ نے کھایا ہے وہ واپس کیجئے آخر مجبور ہو کر بیچاروں
کو ساری رسمیں کرنی پڑیں ان لوگوں سے کوئی پوچھے کہ اس رقم کے برباد
کرنے سے آپ کا کیا نفع ہوا ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے کہ صاحب اس میں
کیا گناہ ہے کہ برادری کو کھلا دیا پلا دیا صاحبو یہ زبانی باتیں تو بہت پیاری ہیں
مگر ذرا اسکی حقیقت کو تو دیکھو یہ ایسا ہے جیسا کہ ایک چور نے کہا تھا کہ ہم تو

جو کچھ کھاتے ہیں حلال کر کے کھاتے ہیں دیکھئے رات کو نیند برباد کرتے ہیں محنت
کرتے ہیں جب کہیں ہم کو کھانے کو نصیب ہوتا ہے تو جیسا اس چور نے باتیں ملا کر
چوری کو حلال کیا تھا ایسی ہی ہماری حالت ہے کہ ایسے طریقہ سے بات ظاہر
کرتے ہیں کہ جس سے گناہ گناہ ہی نہ معلوم ہو کہ اگر برادری کو کھانا کھلا دیا
ان کا حق ادا کیا لڑکی کو دیا اسکے ساتھ سلوک کیا تو اس میں کیا حرج ہے
میں کہتا ہوں کہ اگر لڑکی کے ساتھ صرف سلوک ہی کرنا ہے تو کیا وجہ کہ برادری کو
جمع کر کے ان کو دکھلا کر سلوک کیا جاتا ہے اور اگر سلوک کرنے کے لئے برادری کو
جمع کرنا ضروری ہے تو کیا وجہ کہ پندرہ سولہ برس تک جو سلوک لڑکی کے ساتھ کیا
گیا ہے اس میں برادری کو کیوں نہیں جمع کیا گیا کہ صاحبو دیکھ رکھو میں آج لڑکی
کے واسطے کپڑا لایا ہوں آج اسکے لئے حلوا تیار کرایا ہے معلوم ہوا کہ شادی کے
موقع پر فخر کرنا مقصود ہوتا ہے اور اسکی علامت یہ ہے کہ سامان دینے کے بعد اس
طرف کان جھکتے ہیں کہ دیکھیں لوگ ہماری نسبت کیا کہہ رہے ہیں اگر کسی نے کہدیا
کہ واقعی حوصلے سے زیادہ کام کیا تو سمجھا جاتا ہے کہ بہت بڑی تعریف کی۔
حالانکہ اگر غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہو کہ یہ بہت بڑی برائی کی کیونکہ
اس کے معنی یہ ہیں کہ اس نے بہت بڑی بیوقوفی کی کہ اپنی گنجایش سے زیادہ
خرچ کر دیا لیکن یہ تعریف بھی بہت کم نصیب ہوتی ہے اکثر تو یہ ہوتا ہے کہ
اسکی یہ نیت بھی پوری نہیں ہوتی بلکہ جتنا بھی یہ زیادہ خرچ کرتا ہے برادری زیادہ
عیب نکالتی ہے اور ظاہر میں ہمدردی بھی کرتی ہے تو دل میں اس کے بگاڑنے
اور نقصان پہونچانے کی فکر ہوتی ہے ہمارے نزدیک ایک قصبہ ہے
بگھرہ وہاں ایک رئیس تھے جنھیں مالدار ہوئے زیادہ زمانہ نہ گذرا تھا
انھوں نے اپنے لڑکے کی شادی کی برادری کے لوگوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ

۸

برادری [illegible] کی حکایت

(باقی آئندہ)

(ا) کہ اسکا محال ہونا ثابت نہیں اور مخبر صادق نے اس کے وقوع کی خبر دی ہے لہذا اس کے وقوع کا اعتقاد واجب ہے۔ البتہ اگر مستدل (دلیل لانے والا ۱۲) کوئی نظیر بھی پیش کر دے تو یہ اس کا تبرع واحسان ہے۔ مثلاً گراموفون کو اس کی نظیر میں پیش کر دے کہ باوجود جماد (بے جان چیز ۱۲) محض ہونے کے اس سے کس طرح الفاظ ادا ہوتے ہیں۔ آج کل یہ ظلم ہے کہ نو تعلیم یافتہ ہر منقول کی نظیر مانگتے ہیں بسو سمجھ لیں کہ یہ الزام مالایلزم (ایسی چیز کو لازم کرنا جو لازم نہیں ۱۲) ہے۔

(ح) اور علما نہایت خندہ پیشانی سے اس کا جواب دیں گے۔ لیکن اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہوئے ایسے سوال کرنا بالکل بیجا اور قابل افسوس ہے اور یہ ایسا ہے جیسے کوئی عورت کسی مرد کے ساتھ نکاح ہونے کو تسلیم کرے اور تسلیم نفس میں حجت کرے کہ یہ بالکل بیجا ہے ایسا ہی ہے ہاں اس کے علیحدہ ہو جانے پر انکار کرنا بیجا نہ ہوگا۔ غرض اہل شرع اس عقیدہ پر دلیل رکھتے ہیں اوس کا مطالبہ جو کوئی چاہے کرے وہ حق بجانب ہے لیکن نظیر کا مطالبہ محض زبردستی اور الزام مالایلزم ہے یعنی ایسی چیز کا مطالبہ ہے جو مدعی کے ذمہ از روئے انصاف اور از روئے قواعد مناظرہ ضروری نہیں ہے۔ ایسی چیز کا مطالبہ کرنا جو غیر ضروری ہو ایسا ہے جیسے عدالت میں کوئی دوسرے پر ایک دعوے کرے اور ثبوت بھی باقاعدہ دیدے لیکن کوئی کہے کہ یہ دعوے سچا جب مانا جائے گا کہ لاٹ صاحب گواہی دیں۔ اہل عقل وانصاف جانتے ہیں کہ یہ سوال اس کا محض بیہودہ ہے اگر لاٹ صاحب اوس واقعہ سے محض لاعلم ہوں یا کسی عذر سے نہ آسکیں یا دیدہ ودانستہ آنے کی تکلیف گوارا نہ کریں تو اس سے مقدمہ پر کیا اثر ہو سکتا ہے۔ ثبوت کافی موجود ہے اوس کے موافق حکم ہو جاوے گا۔ یہ اور بات ہے کہ مدعی بطور احسان کوئی نظیر پیش کر دے تاکہ رفع استبعاد ہو جاوے۔ جیسے گراموفون کو نظیر میں پیش کرے کہ اسمیں سے بھی ایک جماد میں سے بلا منہ اور زبان کے وہ الفاظ نکلتے ہیں جو اس کے سامنے پڑھے گئے تھے اسی طرح اگر اعضاء انسانی میں بھی یہ اثر ہو کہ ان کے سامنے کی ہوئی بات یا ان کے سامنے کیئے ہوئے افعال کسی طرح ان کے اندر محفوظ ہو جاتے ہوں پھر قیامت کے دن ان کے اندر سے آواز نکلے اور یہ سب واقعات کو

(۱) نمبر ۷۔ دلیل عقلی و نقلی میں تعارض کی چار صورتیں عقلاً محتمل ہیں۔

(ح) بیان کر دیں تو کیا تعجب ہے۔ تو یہ نظیر دینا مدعی کی طرف سے ایک زاید بات بطور احسان ہو گی اور سپر اس کا دعویٰ موقوف نہ ہو گا حتیٰ کہ اگر اسکو کوئی نظیر یاد نہ ہو یا دیدہ و دانستہ پیش کرنے سے انکار کرے تو دعوے کا ثابت ہونا اسپر موقوف نہو گا جیسے لاٹ صاحب کی گواہی پر مقدمہ موقوف نہیں۔

نمبر ۷ میں حضرت مصنف مدظلہ نے ایک ایسا مغالطہ کا حل کیا ہے کہ جس میں بڑے بڑے تعلیم یافتہ اور مشہور لیڈران قوم اور شمس العلما کا خطاب رکھنے والے مبتلا ہیں۔ حضرت مصنف نے اس خوبی سے اسکو حل کیا ہے کہ سبحان اللہ وصل علی۔ اگر کوئی ذرا بھی غور سے کام لے گا تو ہزاروں شبہات کا جواب اس سے نکل آوے گا اور ان لیڈران کی تمام ملمع سازی کا راز کھل جائے گا۔ وہ مغالطہ یہ ہے کہ عقائد کی کتابوں میں یہ مضمون پایا جاتا ہے کہ عقل (دلیل عقلی) مقدم ہے نقل (دلیل نقلی) پر اہل کلام کا مطلب تو اس سے کچھ اور تھا (جس کا بیان آگے آتا ہے) مگر ان عقلاء زمانہ کو ایک سہارا مل گیا اور اس مضمون کو اس قدر وسعت دی کہ ہر بات میں عقل کو شریعت پر ترجیح دینے لگے حتیٰ کہ فرعی مسائل میں جہاں کچھ تنگی معلوم ہوئی وہاں اپنی عقل کے مقتضا پر عمل کرنا شروع کر دیا۔ اور شریعت کو بالائے طاق رکھدیا۔ اور جب کسی نے مزاحمت کی تو یہی دلیل پیش کر دی کہ یہاں نقل کا حکم واقعی یہی ہے مگر عقل کا حکم اس کے خلاف ہے۔ اور یہ مسئلہ طے ہو چکا کہ عقل کو ترجیح ہوتی ہے نقل پر ان لوگوں میں یہ مسئلہ اس عنوان سے مشہور ہے کہ "درایت مقدم ہے روایت پر" چنانچہ ایک مشہور مقتدا[۵] اور لیڈر قوم کی تحریر میں سود کے متعلق مبسوط مضمون موجود ہے کہ سود اور اسلام دو متباین اور متضاد چیزیں ہیں۔ قرآن شریف سے صاف ثابت ہے کہ دونوں جمع نہیں ہو سکتے جہاں اسلام ہے وہاں سود نہیں اور جہاں سود ہے وہاں اسلام نہیں۔ اس کے ثبوت میں تمام آیتیں اور احادیث اس مضمون کی جمع کی ہیں۔ اور جو تاویلیں سود لینے والے کرتے ہیں سب خدا کو دھوکہ دینا ہے۔ الفاظ کے بدل دینے سے معانی نہیں بدلتے۔ اس بحث کو بہت

[۵] مقتدا سے مراد مولف کتاب الحقوق والفرائض ہیں ۱۲

(۱) ایک یہ کہ دونوں قطعی ہوں۔

(ح) طول کے ساتھ لکھ کر ثابت کر دیا کہ وہ دعویٰ بالکل صحیح ہے کہ اسلام اور سود دو متضاد چیزیں ہیں۔ اور اسلام میں سود کسی طرح اور کسی تاویل سے جائز نہیں ہو سکتا لیکن اخیر میں لکھتے ہیں کہ یہ سب کچھ ہے مگر دیکھنا یہ ہے کہ عقلی دلیل کیا کہتی ہے۔ سو عقل کہتی ہے کہ مسلمانوں کو آجکل روپے کی سخت ضرورت ہے۔ کمانے کی بھی اور کمائے ہوئے کو حفاظت سے رکھنے اور خرچ کرنے کی بھی۔ اور سود سے بہتر کوئی ذریعہ ان سب باتوں کا نہیں ہے کمانے کے متعلق تو ظاہر ہے کہ سود لینے والی قومیں سب مالدار ہیں۔ اور سود سے مال کی حفاظت ہو جانا بھی ظاہر ہے کیونکہ دوسرے کے ذمہ قرض ہو جاتا ہے مالک کو بیفکری ہو جاتی ہے۔ اور کفایت شعاری بھی سود سے پیدا ہوتی ہے کیونکہ سود میں خاصیت ہے کہ دل تنگ ہو جاتا ہے اور مال کی محبت پیدا ہو جاتی ہے حتیٰ کہ آدمی ضروری اخراجات میں تنگی کرنے لگتا ہے اسراف تو کہاں۔ غرض سود مال کمانیکا ذریعہ بھی ہے اور حفاظت اور کفایت شعاری کا بھی لہٰذا عقل تجویز کرتی ہے کہ لینا ہی چاہیئے تو اب عقل و نقل میں تعارض ہوا اور یہ علم کلام کی کتابوں میں لکھا ہے کہ عقل کو ترجیح ہوتی ہے نقل پر (نعوذ باللہ من ہذہ الخرافات) اور اسی لیڈر نے ایک جگہ لباس کے بیان میں لکھا ہے کہ فیشن بنانے کی بھی ضرورت ہے اور جو لوگ (نقل کفر کفر نباشد) حضیض من تشبہ بقوم فہو منہم میں پڑے ہوئے ہیں جو حدیث کہی جاتی ہے لیکن درایۃً صحیح نہیں ہے وہ اپنی پرانی وضع رکھے جاتے ہیں۔ اس کا حاصل بھی وہی ہے کہ درایت مقدم ہے روایت پر۔ یہ غلطی ایسی عام ہوتی ہے کہ اصول صحیح رہے دین کے نہ فروع جس اصول دین (عقیدہ) کے خلاف کسی فلسفی کا قول سن لیا (خواہ افواہاً ہی سنا ہو روایت تک بھی اس کی صحیح نہ ہو) بس عقیدہ میں شبہ پڑ گیا پھر بڑی خیر خواہی دین کی ہوتی ہے تو یہ کہ اس عقیدہ میں تاویل و تحریف کرکے اور توڑ مروڑ کرکے فلسفی کے خیال کے موافق کر لیا جاوے فلسفی خیال ان کے نزدیک ایسا یقینی اور قطعی ہوتا ہے کہ اسمیں کسی تاویل و توجیہ کی گنجائش نہیں ہوتی۔ اور فروع میں یہ حالت ہے کہ جس فرعی مسئلہ کو طبیعت کے خلاف پایا اوسمیں طبیعت کے موافق کر لیا اور مسئلہ کو

(ح) تاویل کرکے اپنی مرضی کے موافق بنالیا- ایک شکاری سور کا شکار زیادہ کھیلتے تھے ہروقت سور کے دانت ان کی پاکٹ میں لگے رہتے تھے ایک عالم سے پوچھنے لگے کہ کیا واقعی سور حرام اور نجس ہے جواب دیا اسمیں کیا شک ہے قرآن شریف میں اس کی حرمت اور نجاست کی تصریح آئی ہے کہنے لگے آپ لوگ لکیر کے فقیر ہیں بات کی تہ کو نہیں پہونچتے جن سوروں کے بارے میں آیت اُتری ہوگی وہ واقعی ایسے ہی ہوں گے- گوڑی پر پرتے ہوں گے اور غلیظ کھاتے ہوں گے آجکل ولایت میں خاص اہتمام سے پالے جاتے ہیں- غلاان کو صاف ستھری دی جاتی ہے شیش محلوں میں رکھے جاتے ہیں دونوں وقت صابون سے نہلائے جاتے ہیں یہ نجس کیسے ہوسکتے ہیں- ایک شخص نے اِس کا جواب دیا کہ آپ سور کو ضرور پاک اور حلال سمجھیں- الجنس یمیل الی الجنس- یہ ساری خرابیاں اسی کی ہیں کہ نقل کا مقابلہ عقل سے کیا جاتا ہے اور عقل کو ترجیح دیجاتی ہے یہ نہیں دیکھتے کہ اگر یہ قاعدہ بالکل عام کردیا جائے کہ عقل کو ترجیح ہوتی ہے نقل پر تو نہ تو کوئی نظام قائم رہے اور نہ کوئی کام انجام کو پہونچے مثلاً قانون انگریزی اس وقت رائج ہے بہت سے احکام اسمیں ایسے ہیں کہ کسی دیہاتی کی سمجھ میں نہیں آتے وہ کہہ سکتا ہے کہ میری عقل میں ان کا صحیح ہونا نہیں آتا لہذا عقل کو ترجیح اور مجھے اختیار ہے جو صحیح معلوم ہو اس پر عمل کروں تو اس طرح ایک عام بدنظمی پھیل جاوے گی اور حکومت قائم نہ رہے گی- طبیب ایک نسخہ لکھتا ہے جسمیں دوائیں طبیعت کے خلاف ہوتی ہیں- اور بعض طریق علاج مریض کی سمجھ میں نہیں آتے تو وہ کہہ سکتا ہے کہ درایتہً غلط ہیں تو کیا اس طرح علاج معالجہ کا کام چل سکتا ہے ہر کام میں یہی حالت ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ مطلقاً ہر شخص کو اپنی عقل کا اتباع کرنا صحیح طریقہ نہیں اور یہ بھی سب جانتے ہیں کہ بلا عقل کے کام بھی نہیں چلتا یعنے اگر عقل کے خلاف سارے کام کئے جائیں تو ایک فسادِ عظیم برپا ہوجائے کوئی کام بھی درست نہو پھر ان دونوں باتوں میں تطبیق کیا ہے سو تطبیق اجمالاً تو یہ ہے کہ اصول میں ہر کام کے عقل سے کام لینا چاہئیے اور اصل کے ثابت ہوجانے کے بعد پھر عقل کو دخل نہ دینا چاہئیے اب سب اشکال حل ہوجاتے ہیں مثلاً انگریزی قانون کی اصل میں عقل سے کام لینا چاہئیے کہ اس بات کو عقل سے

۷۸

(ح) معلوم کیا جا سکتا ہے کہ انگریزی حکومت قابل تسلیم ہے یا نہیں۔ ماننا پڑے گا کہ قابل تسلیم ہے۔ اس سے اصل الاصول انگریزی عملداری کا عقلاً ثابت ہو گیا اب فروع میں یعنے احکام قانونی میں عقل کو دخل دینا درست نہیں جو قانون پاس ہو کر آئے گا ماننا پڑے گا علیٰ ہذا جب کسی طبیب سے علاج کرانا ہو تو اول اصل معالجہ کو عقل سے ثابت کرنا چاہیئے یعنے جس طرح ممکن ہو عقلاً اطمینان کر لینا چاہیئے کہ یہ طبیب اس قابل ہے کہ اس سے علاج کرایا جاوے یا نہیں جب عقل سے یہ بات طے ہو جائے کہ وہ اس قابل ہے تو اب فروع میں اپنی عقل کو دخل دینا اور بات بات میں اس سے الجھنا کہ یہ دوا کیوں لکھی اور مسہل کیوں دیا یہ درست نہیں۔ یہ بہت موٹی باتیں ہیں کہ عقلی دلیل نہ بیکار چیز ہے اور نہ ہر جگہ چلنے والی۔ اس اصول موضوعہ نمبر ۲ میں اسی اجمال کی تفصیل و تحقیق ہے۔ اسمیں بتایا گیا ہے کہ متکلمین کا جو یہ قول ہے جو عقائد کی کتابوں میں ہے کہ دلیل عقلی (درایت) دلیل نقلی (روایت) پہ مقدم ہے مگر نہ مطلقاً بلکہ اس کا ایک خاص موقع ہے اور وہ چار صورتوں میں سے ایک صورت ہے بیان اس کا یہ ہے کہ انسان کو جو کچھ علم حاصل ہوتا ہے تو سب باتوں کا علم ایک درجہ میں نہیں ہوتا مثلاً بڑے سے بڑے سائنس داں کو جس درجہ میں علم اثبات کا حاصل ہے کہ ایک اور ایک دو ہوتے ہیں اسی درجہ میں اس بات کا علم نہیں ہے کہ چاند میں زمین کی سی آبادی ہے گو اس پر بھی آجکل کے سائنس داں یقین رکھتے ہیں مگر نہ اس درجہ کا جس درجہ کا اس پر یقین ہے کہ ایک اور ایک دو ہوتے ہیں۔ ثابت ہوا کہ علم میں کئی درجہ ہیں۔ ان درجوں کا تفاوت دلیل کے تفاوت سے ہوتا ہے اگر دلیل یقینی ہو تو علم یقینی ہوگا اور اگر دلیل یقینی نہ ہو تو علم بھی یقینی نہ ہوگا۔ غور کرنے سے علم یعنے ادراک کے تین درجے نکلتے ہیں ایک یقینی دوسرا ظنی تیسرا وہمی۔ یقینی وہ ہے جس پر کوئی دلیل یقینی موجود ہے۔ اسکو قطعی بھی کہتے ہیں جیسے ایک اور ایک ملکر دو ہونا کہ دلیل سے یہ بالکل قطعی اور یقینی ثابت ہوتا ہے۔ چاہے جب تجربہ کر لو۔ کہ ایک اور ایک کو ملاؤ اور گنو تو دو ہی ہوں گے۔ اور ظنی اسکو کہتے ہیں کہ جس پر کوئی ایسی دلیل قائم ہو کہ اکثر وہ یہی نتیجہ دیتی ہو اور اس سے گمان غالب پیدا ہو جاتا ہے کہ یہ بات صحیح ہے

۷۹

(ح) مگر کسی حد میں گمان جانب مخالف کا بھی رہتا ہے جیسے آجکل کے سائنس میں زمین کا متحرک ہونا کہ اس کا ثبوت دلیلوں سے دیا جاتا ہے مگر وہ دلیلیں ایسی پکی نہیں جن سے زمین کی حرکت ایسے یقین کے ساتھ ثابت ہو جاوے جیسے ایک اور ایک مل کر دو ہونا یہی وجہ ہے کہ زمین کی حرکت میں سائنس والوں نے اختلاف بھی کیا ہے پرانے فلاسفروں نے تو کیا ہی ہے آجکل کے بھی بعض سائنس دان زمین کے سکون کے قائل ہیں۔ اور ایک اور ایک ملکر دو ہونا اسمیں کبھی کسی نے اختلاف نہیں کیا۔ نہ آئندہ کوئی کرے گا۔ اور وہمی وہ ہے کہ ایک خیال پیدا ہوا ہے کہ شاید یہ بات صحیح ہو اسکی کسی قسم کا ثبوت یقینی تو کہاں ظنی بھی نہیں ہے جیسے مریخ میں یا اور سیاروں میں آبادی کا ہونا کہ محض اس وجہ سے کہ چاند میں دوربینوں سے کچھ آبادی کے آثار نظر آئے ہیں (ممکن ہے کہ یہ بھی انعکاس ہو زمین کی آبادی کا جیسے آئینہ میں صورت کا عکس نظر آتا ہے) اس سے اسطرف بھی خیال پہونچا ہے کہ چاند بھی ایک سیارہ ہے جب اسمیں آثار آبادی کے ظاہر ہوتے ہیں تو اور سیاروں میں بھی ہوں گے اس وجہ سے یہ خیال پیدا ہوا ہے۔ یہ درجہ علم وہمی کا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ درجہ علم کا کسی طرح بھی اعتماد کے قابل نہیں۔ اور درمیانی درجہ اعتماد کے قابل ہے مگر کچھ نہ کچھ احتمال جانب مخالف بھی رکھتا ہے۔ اور پہلا درجہ یعنے یقینی ایسا اعتماد کے قابل ہے کہ اس میں مطلق جانب مخالف کا احتمال نہیں حتے کہ اگر تمام دنیا بھی اس کے خلاف کہے تب بھی عقل سلیم اسکو تسلیم نہیں کر سکتی مثال اسکی وہی ایک اور ایک ملکر دو ہونا کہ اگر بالفرض دنیا بھر اس کے خلاف کہنے لگے تو کسیکا دل اسکو تسلیم کرنے کو تیار نہ ہوگا۔ غرض تیسری قسم یعنی وہمی تو خارج از بحث ہے صرف دو قسمیں علم کی قابل شمار ہیں یقینی[1] اور ظنی[2]۔

اس تقریر سے اچھی طرح سمجھ میں آگیا ہوگا کہ عقلی دلیل کی دو قسمیں ہیں ایک یقینی[1] دوسری ظنی[2] اب سمجھنا چاہیئے کہ دلیل نقلی میں یعنے شرعی میں بھی دو درجے نکلتے ہیں یعنے یقینی اور ظنی۔ یقینی وہ ہے کہ جس کے الفاظ کسی مضمون کے متعلق بالکل صریح

(ح) اور صاف ہوں اور وہ باعتبار سند اور ثبوت کے بھی بالکل قابل اعتماد ہو ظن غالب کے مرتبہ میں نہو بلکہ یقین کے مرتبہ میں ہو۔ اسکو یقینی کہیں گے اور جس میں ان دونوں میں سے ایک بات نہو وہ یقین کے درجہ سے اتر کر ظن کے درجہ میں آجاوے گی مثلاً الفاظ تو صریح اور صاف ہوں لیکن سنداس کی اس اعلیٰ درجہ کی نہو جسکو محدثین متواتر کہتے ہیں متواتر اسکو کہتے ہیں کہ ہر زمانہ میں اسکو اتنے راویوں نے روایت کیا ہو جن کے جھوٹ پر جمع ہو جانے کو عقل تسلیم نکرے جیسے حدیث اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ ہے۔ بلاشبہ اسکی مثال یہ ہے کہ کلکتہ ہمنے نہیں دیکھا۔ لیکن ہر جگہ اور ہر وقت کلکتہ کو دیکھنے والے اور حالات سُنانے والے اتنے موجود ہیں جن کو کوئی اہل عقل جھوٹ پر جمع ہو جانے والا تسلیم نہیں کر سکتا اس بنا پر ہم کو پورا یقین ہے کہ کلکتہ ایک شہر ہے اسی طرح حدیث مذکور کو ہر زمانہ میں اس کثرت سے لوگوں نے متفق اللفظ روایت کیا ہے کہ ہم کو کچھ شک اسمیں نہیں ہو سکتا کہ یہ الفاظ فرمودہ زبان فیض ترجمان حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ قرآن شریف کل کا کل من اولہ الی آخرہ ایسا ہی متواتر ہے اور تغیر و تبدل سے محفوظ ہے اسکی شہادت غیر اقوام نے بھی دی ہے۔ اور بہت سی حدیثیں بھی متواتر موجود ہیں سو جو حدیث ایسی ہو وہ دلیل یقینی کہلاوے گی اور جو حدیث متواتر نہو وہ ظنی کہلاوے گی اگرچہ اِس کے الفاظ اپنے معنوں میں صریح اور صاف ہیں اور اس اعتبار سے اسکو دلالۃً یقینی کہہ سکتے ہیں لیکن چونکہ ثبوتاً ظنی ہو گئی اسوجہ سے اسکو علماء اسلام نے یقینی کے درجہ سے اتار دیا ہے۔ قرآن کل کا کل باعتبار ثبوت کے یقینی ہے مگر بعض جگہ الفاظ کی دلالت اوسمیں بھی ظنی ہے اسوجہ سے کہ اس لفظ کے دو معنی ہیں تو کسیکی تعیین یقینی نہیں ہو سکتی اِس وقت میں کہا جاتا ہے کہ ثبوتاً یقینی ہے لیکن دلالۃً ظنی +

تنبیہ۔ لغت میں ظن کا ترجمہ گمان ہے اِس اعتبار سے دلیل ظنی کے معنے یہ ہو سکتے ہیں کہ محض اٹکل اور گمان ہے مگر یاد رہے کہ یہاں معنے اس کے یہ نہیں ہیں بلکہ معنے یہ ہیں کہ وہ دلیل بالکل صحیح ہے اور ہر طرح قابل اعتماد اور واجب التسلیم ہے لیکن اس درجہ سے

(ح) کچھہ کم ہے جس درجہ کی متواتر ہوتی ہے۔

اس کی توضیح مذکورہ مثال سے ہوتی ہے کہ ایک اور ایک ملکر دو ہونا بھی صحیح بات ہے اور زمین کی حرکت بھی صحیح بات ہے لیکن آجکل کے سائنس دانوں کے نزدیک بھی دونوں میں کچھہ فرق ضرور ہے اتنا یقین زمین کی حرکت کا نہیں ہے کہتے جتنا ایک اور ایک ملکر دو ہونیکا۔ یہ تنبیہ اس واسطے کردی گئی کہ بعض لوگ شرعی دلیلوں کی نسبت ظنی کا لفظ سنکر بہت چونکنے ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ شریعت کی باتیں بھی ظن وگمان پر مبنی ہیں۔ یہ خرابی خلط اصطلاح کی ہے اردو میں ترجمہ ظن کا گمان ہے اور گمان اور وہم اور خیال اردو محاورہ میں سب قریب ہیں تو جب کہا جاتا ہے کہ فلاں دلیل ظنی ہے تو اردو داں اصحاب کے ذہن میں ان ہی تینوں یعنے گمان ووہم وخیال میں سے کوئی معنے آجاتے ہیں اور اس سے وحشت ہوتی ہے حالانکہ وہ ظن جو علما کی زبان پر ہے وہ گمان ووہم وخیال کا مرتبہ نہیں ہے بلکہ یقین ہی کا مرتبہ ہے ہاں بمقابلہ قطع ویقین کے درجہ دوم میں ہے۔ اس مغالطہ کی ایک نظیر اور بھی ہے وہ یہ کہ کہا جاتا ہے کہ شریعت کے احکام چار چیزوں سے ثابت ہوتے ہیں۔ کتاب اللہ یعنی قرآن شریف اور سنت یعنے حدیث اور اجماع اور قیاس سے۔ قیاس اردو میں اٹکل کو کہتے ہیں۔ بعض بے باک لوگ آئمہ مجتہدین پر یہ اعتراض کرنے لگتے ہیں کہ یہ رائے اور اٹکل کو دین میں دخل دیتے ہیں یہ غلط اصطلاح ہے جسکو تم قیاس کہتے ہو۔ آئمہ مجتہدین کی اصطلاح میں وہ قیاس نہیں ہے اُن کے نزدیک قیاس کی حقیقت تعدیۃ الحکم من منصوص الی شئ غیر منصوص باشتراک العلۃ ہے یعنی ایسی چیز کا حکم جسکی تصریح شریعت میں نہ آئی ہو دوسری کسی چیز سے نکالنا جسکی تصریح شریعت میں آچکی ہو دونوں میں کوئی مشابہت تلاش کرکے۔ اسکی مثال یہ ہے کہ ایک مرتبہ ایک مال حدود میونسپلٹی میں لایا گیا اس کا بیجک مشتبہ تہا اُسکو گرفتار کیا گیا فوراً وہ شخص بیجک کو کہا گیا۔ یہ مقدمہ عدالت میں پہونچا اور بیجک کہا جانے کے مقدمہ کے نام سے موسوم ہوا اور اسپر ہر دفعہ دہوکہ دہی یا کسی اور دفعہ

(باقی آئندہ)

قال تعالیٰ کما ارسلنا فیکم رسولا منکم یتلوا علیکم ایٰتنا ویزکیکم ویعلمکم الکتٰب والحکمۃ ویعلمکم ما لم تکونوا تعلمون ط

چوں در کریمہ صدر قولہ یتلو و یعلمکم الکتٰب بر فضل علم نظم و معنی و قولہ یزکیکم بر شرف علم کلام عقائد و علم سلوک و قولہ والحکمۃ بر مزیت علم اسرار و علم اصول آں با وضح بیان ست و ازاں جزو بودن تصوف کہ مشتمل بر سلوک و اسرار ست از علم دین نیک عیان ست و باتفاق اہل مذاق مثنوی را در کتب این فن خاص شان ست لاکن از علا قش محتاج تبیان ست بنا علیہ این شرح اردو کہ معنونش را

کلید مثنوی

عنوان ست و این پنج اول حصہ ثانی از جلد سوم ازان ست را بالفاظ و عبارت مولوی شبیر علی و مولوی حبیب احمد سلمہما اللہ کہ ہر یکے از ایشان بر صاحب معانی یعنی مولانا اشرف علی صاحب دام ظلہم بمنزلہ لسان و ترجمان ست) در وصل متن را چناں حل کردہ کہ غایت امکان ست و مسائل را بطورے تقریر نمودہ کہ ہم موافق تحقیق اہل اتقان و ہم مطابق حدیث و قرآن ست و اشکالات و اغلاط را بطرزے دور ساختہ کہ مورث اطمینان و امان ست و جابجا ملفوظات سیدنا الحاج محمد امداد اللہ کہ مطرب آذان و منشط اذہان ست ہم در مطاویش سپردہ حسب فرمائش

محمد عثمان غفر لہ المنان تاجر الہادی دہلی

در مطبع محبوب المطابع دہلی طبع گردید

نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب صلے اللہ علیہ وسلم

جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات وسیر میں نہایت جامع و مستند کتاب یہ ہی مبارک کتاب ہے جسکے زمانے تالیف میں باوجودیکہ اطراف و جوانب میں وبا پھیل رہی تھی مگر اسکی برکت سے تھانہ بھون محفوظ رہا اور وبا کے زمانہ میں جس مکان میں یہ پڑھی جاتی ہو وہ مکان محفوظ رہتا ہو گویا اسکا مطالعہ دافع بلیات ہو اور کیوں نہ ہو یہ اُس ذات مقدس کے حالات میں ہے جو رحمت ہی رحمت ہیں ۔ قیمت عمر

قصہ معراج اور معتبر واقعات

شب معراج کے واقعات جتنے عجائب و غرائب اور بیشمار معجزات کو شامل ہیں وہ کسی سے مخفی نہیں لیکن انقلاب زمانہ اور دور حاضرہ کے افراط و تفریط سے جہاں اور بہت امور تختہ مشق بنگئے ہیں معراج شریف کے واقعات بھی اس سے خالی نہیں رہے اگر ایک شخص اسمیں سینکڑوں جھوٹی روایتیں منظوم کرتا ہو تو دوسرا تمام قصہ ہی کو یکسر اڑا دیتا ہو اس انقلاب کو دیکھتے ہوے حضرت اقدس جامع الشریعت والطریقت حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا مولوی شاہ محمد اشرف علی صاحب دام ظلہم العالی نے اس ضرورت کو ملحوظ فرما کر تنویر السراج فی لیلۃ المعراج تالیف فرمائی جس میں افراط و تفریط کو چھوڑ کر اپنی عادت شریفہ کے موافق اعتدال کے ساتھ واقعات کو کتب احادیث و سیر سے جمع فرمایا ہے حضرت ممدوح کے انتساب کے بعد کتاب کی اہمیت اس کی تعریف اسکی خوبیوں کے اظہار کی ضرورت نہیں رہتی
قیمت دس آنے (۱۰/)

المصالح العقلیہ للاحکام النقلیہ

یعنی اسلامی احکام کی عقلی حکمتیں افسوس ہو کہ خدا تعالے کے احکام بجالانے اور امر و نہی پر عمل کرنے میں ہزاروں حیلے تراشے جاتے اور حالتیں دریافت کی جاتی ہیں خصوصاً آج کل نئی تعلیم کے اثر سے علت طلبی کی علت اور بھی زیادہ ہوگئی اور اکثر جدید تعلیم یافتہ تحقیق اسباب علل کو آڑ بنا کر عمل سے بے پرواہ ہوگئے ہیں مگر خدائے تعالی جزائے خیر عطا فرمائے حضرت حکیم الامۃ مجدد الملۃ مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی کو کہ المصالح العقلیہ اردو زبان میں تالیف فرما کر آزادان ہند کیلئے رموز و اسرار شرعیہ کا ایسا بیش بہا ذخیرہ جمع فرما دیا ہے جو ایک حق طلب و حق پسند کے لئے ہدایت کا معقول ذریعہ ہوسکتا ہے ورنہ خود پسند و نفس پرست کے لئے تو دفتر بھی کافی نہیں قیمت کامل ہر سہ حصص دو روپے ایک آنہ ۔

الانتباہات المفیدہ

علم کلام جدید کا نہایت مفید رسالہ قیمت ۹/

جملہ فرمائشیں بنام محمد عثمان مالک کتب خانہ اشرفیہ دریبہ کلاں دہلی آنی چاہئیں

التکشف عن مہمات التصوف

یعنی

حضرت والا مدظلہم کی مفید عوام و خواص افراط و تفریط سے پاک صحیح تصوف کی حقیقت میں نہایت ضروری اور عجیب کتاب

بعد الحمد والصلوٰۃ کہ اس زمانہ پُرفتن میں منجملہ دیگر اغلاط عوام کے بڑی غلطی علم تصوف کے فہم میں ہوئی کسی نے تو قوالی و عملی بدقیدی کا نام تصوف رکھ لیا اور کسی نے محض رسوم کو تصوف کہا اور کسی نے صرف کثرت اوراد و وظائف کو تصوف کہدیا اسیطرح اسکے مسائل وحدۃ الوجود وحدۃ الشہود وغیرہ کے سمجھنے میں صدہا غلطیاں کیں اس فرقہ کو تو یہ ضرر پہنچا کہ اپنے عقائد خراب کئے بعضے شرک تک میں مبتلا ہو گئے اور بعض حضرات ایسے بڑھے کہ وہ تصوف کا اصل ہی سے انکار کر بیٹھے اور حضرات اولیاء اللہ رحمہم اللہ کی شان میں بے ادبی و گستاخی سے پیش آئے اور مسائل تصوف کو غیر ثابت بالکتاب والسنۃ اعتقاد کر لیا اور تصوف کو خلاف شریعت کے سمجھکر اُسکے نام سے کوسوں بھاگنے لگے اُنکو یہ ضرر ہوا کہ اسکے برکات سے محروم رہے اور قلب میں قساوۃ پیدا ہو گئی اور بعض حضرات وہ ہیں جو منکر نہیں اور حضرات اولیاء اللہ کے بھی معتقد ہیں لیکن تصوف کو شریعت کا غیر سمجھتے ہیں اور جس نظر سے اس علم شریعت کو دیکھنا چاہیے اُس نظر سے نہیں دیکھتے اور اسکے مسائل کو غیر ثابت بالسنۃ جانتے ہیں نظر براں حکیم الامۃ جامع شریعت و طریقت مولنا موصوف الصدر نے یہ کتاب ایسی تالیف فرمائی جس سے تصوف کی حقیقت اور اسکے ضروری مسائل کی تحقیق جسمیں لوگ غلطیاں کرتے ہیں واضح ہو گئیں جو لوگ اس راہ کو قطع کر رہے ہیں یا ادھر متوجہ ہونیکا ارادہ رکھتے ہیں ان کو تو خصوصاً اور عامہ مومنین کو عموماً اس کتاب کا مطالعہ کرنا بلکہ سبقاً سبقاً پڑھنا بہت ضروری ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام اشکال حل ہونیکے علاوہ بہت سے ایسے جدید فوائد ضروری دیکھنے میں آوینگے جو نہایت کارآمد ہیں۔ قیمت (صہ)

احکام التجلی من التعلی والتدلی

جناب باری عز اسمہ کا دیدار کب ہوگا کہاں ہوگا کس طرح ہوگا اس باب میں حضرت مدظلہم نے نہایت عجیب و لطیف رسالہ تحریر فرمایا ہے اسمیں تین فصلیں ہیں فصل اول میں دلائل شرعیہ سے یہ تحریر فرمایا ہے کہ دنیا میں دیدار باری تعالیٰ ممتنع ہے فصل دوم میں یہ بیان ہے کہ اس امتناع سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدس مستثنیٰ ہے اور آپکو لیلۃ المعراج میں ظاہری آنکھوں سے دیدار باری تعالیٰ ہوا فصل سوم میں نہایت شرح و بسط سے یہ تحریر فرمایا ہے کہ آخرت میں تمام اہل ایمان کو انہیں ظاہری آنکھوں سے دیدار باری تعالیٰ ہوگا اور فلاں فلاں مقام پر ہوگا اور ہر مقام کے دیدار میں کیا فرق ہے اسکے ساتھ ہی تجلی کے اقسام ذکر فرما کر بہت سے فوائد علمیہ تحریر فرمائے ہیں اسیطرح یہ رسالہ ایک بحث میں مفصل و مکمل ہو گیا ہے

قیمت تین آنہ (۳/)

جملہ فرمائشیں بنام محمد عثمانی مالک کتب خانہ اشرفیہ دریبہ کلاں دہلی آنی چاہئیں

مسائل السلوک مع رفع الشکوک

یہ کتاب علم تصوف کے جواہرات کا بے بہا خزینہ اور دریائے معرفت میں شناوری کرنیکا عمدہ سفینہ ہے متبع شریعت کیلئے نایاب تحفہ اور سالک طریقت کیلئے بیمثل سہنا ہے ہمت افزائے اہل سلوک و دافع شبہات و شکوک ہے اسرار معارف کی کان ہے شریعت کی روح اور طریقت کی جان ہے مخالفین کیلئے اتمام حجت ہے اور محبین کے لئے موجب ازدیاد محبت ہے اسکی ہر سطر مدلول آیت قرآنی اور ہر لفظ مصدر کیف روحانی ہے پس کہاں ہیں علم تصوف پر نکتہ چینی کرنے والے اور کدھر ہیں طریقت کو شریعت سے جُدا بتانیوالے وہ آئیں اور مسائل السلوک کا مطالعہ کر کے اپنی غلطی پر متنبہ ہوں انشاء اللہ تعالیٰ ہر ایک مسئلہ پر آیت قرآنی سے استدلال دیکھکر انکو واضح ہو جائیگا کہ شریعت عین طریقت اور طریقت عین شریعت ہے ان دونوں میں تفریق کرنا اور ایک کو دوسرے کے غیر بتانا سراسر بے دینی و جہالت ہے قیمت تین روپے چار آنے محصولڈاک

خلاصہ سائنس اور اسلام

اردو زبان میں یہ پہلی کتاب ہے جو دینیات کی جامعیت کے ساتھ سائنس اور طبعیات کا پہلو لئے ہوئے ہے یہ کتاب زیادہ تر ان تعلیمیافتوں کیواسطے تالیف کیگئی ہے جو علوم مروجہ کے اثر سے متاثر ہوکر شبہات میں مبتلا ہو جاتے ہیں یہ کتاب دیندار مسلمانوں کیلئے بھی ازبس ضروری اور نافع ہے مضامین کی مختصر فہرست یہ ہے۔ اول عقائد و اعمال کو لکھکر اسکے ضمن میں ہر قسم کے شرک اور خلاف شرع رسوم کو نہایت وضاحت سے بیان کیا ہے پھر معاصی اور طاعات کے بعض دنیوی نقصانات و منافع دکھلا کر حکومت و انتظام ملکی کی تشریح کی ہے اسکے بعد نماز کیلئے طہارت کے شرط ہونے کی حکمت۔ وضو میں اعضائے وضو دہونے اور ترتیب کی حکمت۔ نماز میں کعبہ کیطرف منہ کرنیکی حکمت بے نمازوں کی واہی تباہی۔ عذروں کے معقول جواب۔ اعمال حج کی فلاسفی اور بے پردگی کی خرابیاں تعدد ازدواج کے متعلق نہایت عمدہ بحث۔ اس شبہ کا جواب کہ شریعت محمدیہ کے قوانین نئی روشنی کے زمانے میں بے سود ہیں سچے صوفیوں کے حالات مادے کی قدامت کا ابطال فلاسفہ ہی کے مسلمہ اصول سے وحدانیت کی فلاسفی عقل کی حقیقت معلوم کرنے میں اہل سائنس کی بدحواسی حیات بعد الممات کا عقلی ثبوت اور فلاسفہ کے شبہات کا جواب۔ روح اور جسم کے باہمی تعلق کی حقیقت الغرض دنیا بھر کے شکوک و شبہات کے جوابات جو کسی حیثیت سے اسلام پر وارد ہو سکتے ہیں اس کتاب میں موجود ہیں جنکو پڑھکر اسلام کے دین کامل ہونیکا یقین کامل ہو جاتا ہے۔ قیمت دو روپے (۶)

اکسیر فی اثبات التقدیر

تقدیر اور تدبیر کے متعلق نہایت لطیف بحث ۱۲

جملہ فرمائشیں بنام محمد عثمان مالک کتب خانہ اشرفیہ دریبہ کلاں دہلی آنی چاہئیں

اور اوس کثرت کیوجہ سے تو مثل گردوں کے اور دریائے عمیق کے ہے کہ جس طرح ان چیزوں میں مختلف اشیار ہیں اسیطرح تو بھی تمام تجلیات اسمار کا مظہر ہے۔

آں توئی زفت است کہ آں نہ صد تو است ⁂ قلزم ست و غرقہ گاہ صد تو است

یعنی تیرا وہ تو عظیم کہ جو نو سو تو میں ایک قلزم ہے اور سیکڑوں تو کا غرقہ گاہ ہے۔ مطلب کہ تیرا وجود مرتبۂ روح میں ایک وجود نہیں ہے بلکہ چونکہ اوسمیں بہ نسبت جسم کے مظاہر اسمار زیادہ ہیں بلکہ اکثر لوگ انسان کو حقیقۃ جامعہ کہتے ہیں کہ اوس کے اندر حق سبحانہ تعالیٰ کے کل اسمار کا ظہور بدرجہ اتم بہ نسبت اور اشیار کے موجود ہے اگرچہ فی حد ذاتہ کامل ظہور نہو مگر بہ نسبت دیگر اشیار کے اسمیں ظہور کامل ہے تو جب وہ وجود درجہ روح میں تکثر رکھتا ہے تو اوسمیں سیکڑوں وہ وجود جو کہ ناقص ہیں غرق اور مستور ہیں اور وہ سارے وجودات اوس کے اندر موجود ہیں۔

۲۶۱

خود چہ جائے حد بیداری و خواب ⁂ دم مزن و اللہ اعلم بالصواب

یعنی خود کیا جگہ ہوشیاری اور بیداری اور خواب کی ہے پس چپ رہو اللہ درست بات کو زیادہ جاننے والا ہے۔ مطلب یہ کہ حالتِ بیداری و خواب جو کہ ہم بیان کرتے ہیں انکی بھی کیا حقیقت ہے لہذا بس چپ رہنا ہی مناسب ہے۔ اللہ ہی صواب کو خوب جانتا ہے اور ہمارے چونکہ یہ سب مکاشفات ظنیہ ہیں لہذا انمیں ممکن ہے کہ خطا ہو۔ آگے فرماتے ہیں:۔

شرح حبیبی

دم مزن تا بشنوی ز آں مہ لقا ⁂ الصلا اے پاکبازاں الصلا

دم مزن تا بشنوی اسرار حال از زبانِ بے زبان کہ قم تعال

دم مزن تا بشنوی زان دم زنان آنچہ ناید در بیان و در زبان

دم مزن تا بشنوی زان آفتاب آنچہ ناید در کتاب و در خطاب

دم مزن تا دم زند بہر تو روح آشنا بگزار در کشتی نوحؑ

ہمچو کنعان کاشنا میکرد او کہ نخواہم کشتی نوحؑ عدو

تو خاموشی اختیار کر ایسا کرنے سے محبوب حقیقی سے تو یہ سنے گا کہ اے پاکباز و تمکو

صلائے عام ہے اور تو خاموش رہ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تو بدون زبان کے تکلم کرنیوالے ۲۰۰۲

کو یہ اسرار بیان کرتے سنے گا کہ اٹھو اور ہماری طرف آؤ۔ دیکھ تو سکوت اختیار کرنا۔ اس کرنے

سے تو حق سبحانہ کو وہ اسرار بیان کرتے ہوئے سُنے گا کہ جو بیان میں نہیں آسکتے اور زبان سے

ادا نہیں ہوسکتے۔ خبردار تو بولنا ہی مت اس سے تجھے حق سبحانہ وہ راز سنائیں گے جو نہ احاطہ

تحریر میں آسکتے ہیں اور نہ تقریر میں تو چپ ہی رہنا تاکہ بجائے تیرے روح حق سبحانہ سے

کلام کرے یا تجھ سے روح حقیقی یعنی حق سبحانہ گفتگو کریں۔ خلاصہ یہ کہ اپنی عقل کو چھوڑ دے

اور شکوک و شبہات مت نکال بلکہ شیخ جو کہے اسکو تسلیم کر اور اپنی جد و جہد کو چھوڑ کر کشتی

نوحؑ میں سوار ہوجا۔ ایسا نہ کرنا جیسا کنعان نے کیا تھا کہ وہ تیرنا جانتا تھا اسپر مغرور ہوکر

اوس نے کہدیا کہ میں اپنے دشمن باپ نوحؑ کی کشتی میں نہ بیٹھونگا اگر تو تسلیم اختیار کریگا

تو قرب حق سبحانہ سے بہرہ ور اور انکا رازدار بنے گا اور نہ کنعان کی طرح اس بحر ناپیداکنار

میں غرق ہوجاویگا۔ قد تم الربع الاول من الدفتر الثالث من المثنوی

و للہ الحمد

شرح شبیری

دم مزن تا بشنوی زان مہ لقا — الصلا اے پاکبازان الصلا

یعنی چپ رہو تا کہ تم اُس مہ لقا سے یہ سنو کہ آؤ اے پاکبازو آؤ۔ مہ لقا سے مراد مرشد کامل مطلب یہ کہ تم خود چپ رہو اور اِن حقایق و علوم و معارف کے حصول کے درپے مت ہو بلکہ کام کیے جاؤ اور حالات کی اطلاع دو ہی گے تو بس جب مرشد دیکھے گا کہ تمکو ان علوم کے سمجھنے کی استعداد ہو گئی ہے اور تم کو در جبلہ جاں ہیں کوئی علم منکشف ہوا ہے تو اُسوقت وہ تم کو اُسکی حقیقت خود بتلا دیگا۔ اور تم کو خود دریافت کرنے کی ضرورت ہی نہو گی۔

دم مزن تا بشنوی اسرار حال — از زبان بے زبان کہ قصہ قال

۲۶۳

یعنی چپ رہو تا کہ تم اسرار حال کو بے زبان کی زبان سے سنو کہ اُٹھو آؤ۔ مطلب یہ ہے کہ تم اپنی طرف سے ان علوم و معارف و کیفیات کے طالب مت ہو بلکہ اپنی حالت کو مرشد کامل کے سامنے پیش کر دو وہ جو مناسب سمجھے گا تمھارے لئے تجویز کر لیگا۔ اور بلکہ خود زبان سے بھی چاہیئے کچھ نہ کہے بلکہ وہ ذریعہ القا کے تمکو اُن علوم و معارف کی تحصیل کرا دیگا اور اگر زبان سے بھی کہے گا تو وہ وقت اور موقع کو دیکھکر کہے گا اور تمھاری استعداد کا لحاظ کرے گا۔

دم مزن تا بشنوی از دم زنان — آنچہ ناید در بیان و در زبان

یعنی چپ رہو تا کہ تم دم زنان (روحانی) سے وہ سنو جو کہ بیان اور زبان میں نہیں آ سکتا مطلب کہ وہ علوم و معارف اُن کی صحبت کے فیض سے حاصل ہونگے کہ جو الفاظ میں بیان نہیں ہو سکتے اِس لئے کہ وہ امور ذوقیہ و کشفیہ ہیں اُن کی صحبت میں رہنے سے حق تعالے کا

فضل ہوتا ہے اور اس شخص کو بھی منکشف ہو جاتے ہیں لہٰذا جب تک کہ یہ درجہ حاصل نہ ہو اُس وقت تک خاموشی ہی بہتر ہے۔

دم مزن تا بشنوی زان آفتاب اُنچہ ناید در کتاب و در خطاب

یعنی چپ رہو تاکہ اُس آفتاب سے وہ سنو جو کہ کتاب اور خطاب میں نہیں آسکتا۔ آفتاب سے مراد وہی مرشد کامل یعنی تم خاموش رہو اور خود کسی شے کے طالب مت ہو تو وہ چیزیں میسر ہوں گی کہ جو ان الفاظ ظاہری میں بیان نہیں ہو سکتیں۔

دم مزن تا دم زند بہر تو روح آشنا بگزار در کشتی نوحؑ

یعنی تم چپ رہو تاکہ تمھارے لیئے روح بولے اور کشتی نوح میں تیرنے کو چھوڑ دو۔ روح سے بھی مراد مرشد کامل مطلب یہ کہ تم خود دعوے اور اقتضائں کو مٹا دو اُسوقت مرشد تمھاری استعداد کے موافق خود تمکو تعلیم کر دے گا بس ترک دعوے ایک بہت بڑی چیز ہے کہ اُس سے فضل ہوتا ہے۔

۲۶۴

ہمچو کنعان کاشنا میکرد او کہ نخواہم کشتی نوحؑ عدو

یعنی مثل کنعان کے کہ وہ شناوری کرتا تھا (اور کہتا تھا) کہ میں کشتی نوح عدو کی نہیں جانتا۔ مطلب یہ کہ تم دعوے کو ترک کرو ورنہ اگر تم دعوے کرو گے تو تمھارا ایسا حال ہوگا جیسے کہ کنعان نے شناوری کا دعوے کیا کہ میں تیر کر بچ جاؤں گا اور نوح علیہ السلام کی نہ مانی تو ہلاک ہوا اسیطرح اگر تم مرشد کامل کی نہ سنو گے اور دعوے کرو گے تو ہلاک ہو گے آگے کنعان کا قصہ بیان فرماتے ہیں کہ۔

فکذ تمر الربع الاول من الدفتر الثالث من المثنوی وللہ الحمد

كتاب التوحيد والتوكل

الحديث ابن عدي وابو نعيم في الحلية من حديث ابن عمر القدر سر الله فلا تفشوا الله عز وجل سره لفظ ابي نعيم وقال ابن عدي لا تكلموا في القدر فانه سر الله الحديث وهو ضعيف **ف** في تسمية القدر بسر الله والنهي عن التكلم فيه دلالة على امرين احدهما جواز انكشاف مسئلة القدر في الدنيا بقدر الاستعداد والا لما نهى عن افشائه لان النهي يقتضي المقدورية وثانيهما النهي عن افشاء الكشفيات

کتاب توحید وتوکل

حدیث ابن عدی اور ابو نعیم نے حلیہ میں ابن عمرؓ کی حدیث سے روایت کیا ہے کہ (مسئلہ) قدر اللہ تعالیٰ کا راز ہے سو اللہ عزوجل کے راز کا افشا مت کرو یہ الفاظ ابو نعیم کے ہیں اور ابن عدی نے (بجائے ان الفاظ کے یہ) کہا ہے کہ قدر میں کلام مت کرو کیونکہ وہ راز ہے اللہ تعالیٰ کا (اسکا بھی وہی حاصل ہے) اور یہ حدیث ضعیف ہے (یعنی لفظاً باقی معنیً حدیث صحیح سے ثابت ہے جسمیں قدر میں کلام کرنے پر ناخوشی ظاہر فرمائی ہے) **ف** مسئلہ قدر کو سرّ الٰہی فرمانے میں اور اُس میں کلام کرنے سے ممانعت فرمانے میں دو امر پر دلالت ہے ایک یہ کہ مسئلہ قدر دنیا میں بھی بقدر استعداد منکشف ہو سکتا ہے ورنہ اُس کے افشا سے ممانعت نہ فرمائی جاتی کیونکہ ممانعت کرنا اسکو مقتضی ہے کہ اُس چیز پر قدرت بھی ہو (اور قدرت علی الافشا موقوف ہے انکشاف پر)۔

۱۲۹

ناعلم ان افشاء سر القدر ولو للحرمن عن الكشف الغوامض
عنه ان انکشاف سر القدر بدون الکشف غوامض

والغوامض التي لا
يتحملها غير الاهل
والثاني معروف في
كلام القوم والاول معلوم
للخواص وما قاله
بعضهم من امتناع
انكشافه حتى في
الجنة فالمراد
انكشافه بكنهه
لتوقفه على
تحقيق الصفات
بكنهها وهو
ممتنع لاستلزامه
احاطة الممكن
بالواجب۔

۱۳۰

الحديث مرض علي
فسمع رسول الله
صلى الله عليه وسلم
وهو يقول اللهم
صبرني على البلاء
فقال لقد سألت الله

اور دوسرا امر یہ کہ امور کشفیہ کے اور ایسے
غوامض کے افشاء سے ممانعت ہے کہ
نا اہل اوس کا تحمل نکر سکے اور یہ دوسرا امر تو
(عام طور سے) کلام قوم میں معروف ہے
اور امر اول (صرف) خواص کو معلوم ہے
(باقی عام خیال یہی ہے کہ سر قدر دنیا میں
منکشف نہیں ہوسکتا گو آخرت میں ہوجائے)
اور بعض کا جو یہ قول ہے کہ اس کا انکشاف
(مطلقاً) ممتنع ہے حتے کہ جنت میں بھی انکشاف
نہیں ہوگا) تو مراد انکشاف بکنہہ ہے کیونکہ
وہ موقوف ہے انکشاف صفات (الٰہیہ)
بکنہہا پر اور وہ ممتنع ہے (حتیٰ کہ آخرت
میں بھی) کیونکہ اُس سے ممکن کا احاطہ کرنا
واجب کو لازم آتا ہے (اور یہ احاطہ عقلاً
ممتنع ہے جس میں سب مواطن برابر ہیں)

حدیث حضرت علی رضی مریض ہوئے
سو اُن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
دعا کرتے سنا کہ اے اللہ مجھکو بلا پر صبر
دیجئے آپ نے فرمایا تم نے اللہ تعالیٰ سے
بلا مانگی (کیونکہ صبر تو اُسی میں ہوتا ہے)
سو اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگو (عراقی کہتے ہیں کہ

البلاء فسل الله العافية
تقدم مع اختلاف قلت لم
اظفر بهذا المحل ورأيت
في الفصل الثاني من باب
الدعوات في الاوقات من
المشكوة عن الترمذي.
سمع النبي صلى الله عليه وسلم
رجلا وهو يقول اللهم اني
اسئلك الصبر فقال سألت البلاء
فاسئله العافية **ف** فيه نكير
على ما يوهم دعوى القوة فكيف
بدعواها كما قد يصدر
عن بعض المغلوبين كقول
سمنون المحب رح

فليس لي في سواك حظ
فكيف ما شئت فاختبرني

وعوتب وابتلي فاستغفر
وعوفي وما ورد من
سوال الصبر في النصوص
فهو في الاعمال مثل
الثبات في الجهاد

یہ حدیث پہلے گذر چکی مع کسیقدر اختلاف کے
ہیں (اشرف) کہتا ہوں کہ مجکو وہ موقع نہیں
ملا اور مشکوۃ کے باب دعوات فی الاوقات کی
فصل ثانی میں ترمذی سے منقول دیکھا ہے
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ
دعا کرتے سُنا کہ اللہ میں آپسے صبر مانگتا
ہوں آپنے فرمایا تونے اللہ سے بلا مانگی
سو اُس سے عافیت مانگ **ف** اس
حدیث میں ایسے امر پر نکیر ہے جو دعوے
قوت کو موہم ہو چہ جائیکہ قوت کا دعوے
ہو جیسے بعض مغلوبین سے اس کا صدور
ہو جاتا ہے جیسے سمنون محب رح کا قول ہے

جز تیرے مجکو کوئی بھاتا نہیں
آزما لے جس طرح چاہے مجھے

اور اسی سے اُنپر عتاب ہوا - اور (حبس بول
میں) مبتلا ہو گئے پھر استغفار کیا اور
آرام ہو گیا اور وہ جو نصوص میں صبر کا
سوال آیا ہے وہ صبر فی الاعمال ہے
جیسے جہاد میں ثابت قدم رہنا - اور
اُسی کے ساتھ ساتھ غلبہ علی الکفار کا
بھی سوال ہے جو زوال بلا کے سوال کو

۱۳۱ نادر ما یوہم دعوی القوۃ

واما معه بسوال الغلبة
على الكفار المستلزم لسوال
زوال البلاء فافترقا ۔

كتاب المحبة والشوق

الحديث ان ابراهيم
قال لملك الموت اذ جاءه
ليقبض روحه هل رأيت
خليلا يقبض خليله
الحديث لم اجد له اصلا
وتمامه فاوحى الله تعالى
اليه هل رأيت محبا
يكره لقاء حبيبه
فقال يا ملك الموت
الآن فاقبض قلت
معناه مركب من الادلال
والشوق وهما
ثابتان ومن كراهة
الله مساءة المؤمن
وقد ورد صريحا
وقد تقدم

۱۳۲

مستلزم ہے سو دونوں سوالوں میں
فرق ہو گیا (یعنی جس سے نہی آئی اور جس کا
امر آیا ہے)

کتاب المحبۃ والشوق

حدیث ابراہیم علیہ السلام نے ملک
الموت سے فرمایا جب وہ آپکی روح قبض
کرنے آئے کیا آپنے کسی دوست کو
دیکھا ہے کہ اپنے دوست کی جان لیتا ہو
(عراقی کہتے ہیں) میں نے اسکی کوئی
اصل نہیں پائی اور تتمہ اس کا یہ ہے کہ
اللہ تعالے نے انپر وحی فرمائی کیا تمنے
کسی محب کو دیکھا ہے کہ اپنے محبوب سے
ملنا ناگوار سمجھتا ہو انہوں نے فرمایا اے
ملک الموت بس اب جان لیلو **ف**
میں کہتا ہوں اس کے معنے مرکب ہیں
ادلال اور شوق سے اور یہ دونوں ثابت
ہیں اور نیز ایک تیسرے جزو سے بھی
یعنی اللہ تعالی کا مومن کے رنج کو ناگوار
سمجھنا اور یہ مضمون (حدیث میں) صریحًا
وارد ہوا ہے (کہ حق تعالی فرماتے ہیں

باقی آئندہ

(۱۰۲) خانصاحب نے فرمایا۔ کہ مولوی ذوالفقار علی صاحب بیان فرماتے تھے۔ کہ مولوی رستم علی بریلی کے رہنے والے اور بہت پہلوان تھے۔ مولوی اسمٰعیل صاحب شہید کے بہت گہرے دوست تھے۔ اتفاق سے مولانا اسمٰعیل صاحب اور مولوی رستم علی صاحب چاندنی چوک میں کو جا رہے تھے کہ ایک پہلوان نے مولانا کو گالیاں دینی شروع کیں اسپر مولوی رستم علی صاحب کو غصہ آیا۔ اور وہ تلوار نکالکر اس کے مارنے کو دوڑے۔ مولانا نے جھپٹ کر مولوی رستم علی کا ہاتھہ پکڑ لیا۔ اور فرمایا کہ میاں رستم علی کیا کرتے ہو وہ گالیاں بیجا نہیں دیتا۔ بلکہ وہ ٹھیک کہتا ہے۔ کیونکہ وہ یہی تو کہتا ہے۔ کہ یہ بڑا بددین ہے جو نئی نئی باتیں نکالتا ہے سو اسمیں وہ کیا بیجا کہتا ہے میری باتیں اس کے لئے تو واقعی نئی ہیں۔ علما نے یہ باتیں ان بیچاروں کو کہاں سنائی ہیں۔ پھر اس کو نئی کیوں نہ معلوم ہوں اور وہ گالیاں کیوں نہ دے۔ اس کا اس پہلوان پر بہت اثر ہوا۔ اور اس روز سے مولانا کا دوست بن گیا۔

حاشیہ حکایت (۱۰۲) **قولہ**۔ وہ ٹھیک کہتا ہے **اقول** اپنے کبریٰ کے صدق پر نظر فرمائی جو دینی مسئلہ ہے کہ جو نئی بات نکالے بددین ہے۔ اور صغریٰ ایک واقعہ ہے خود اون کے ذات کے متعلق اوسمیں کوئی دین کا ضرر نہیں اس لئے اوسپر نظر نہیں فرمائی رہا یہ کہ یہاں ایک صغریٰ اور بھی ہے کہ فلاں عمل (جو کہ واقع میں سنت ہے) نئی بات ہے اور یہ تغییر ہے شرع کی سو یہ ایک فرعی غلطی ہے جو کہ اعمال میں سے ہے اصولی غلطی تو نہیں جو کہ عقائد میں سے ہے مثلاً یہ سمجھنا کہ جو نئی بات دین میں ہو وہ اچھی ہے اور فرعی غلطی سہل ہے اور اوسکی اصلاح بھی قریب ہے (**اشت**)

(۱۰۳) خانصاحب نے فرمایا کہ میں اپنے بچپن کے زمانہ میں نواب مصطفٰے خاں کے مکان پر اپنے پھوپھا کے ساتھہ موجود تھا۔ اور وہاں مفتی صدرالدین خاں اور مرزا غالب بھی موجود تھے۔ مفتی صدرالدین خانصاحب نے مولوی محمد عمر صاحب ابن جناب مولانا اسمٰعیل صاحب شہید کا ایک قصہ بیان فرمایا۔ اور فرمایا۔ کہ یہ مشہور تھا کہ مولوی محمد عمر صاحب کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بہت زیارت ہوتی ہے۔ اسپر میں اور امام صاحب جامع مسجد اور دو دوسرے اشخاص نے اصرار کیا کہ ہم کو بھی زیارت کرا دیجو۔

۱۱۷

مگر مولوی محمد عمر صاحب نے منظور نہ کیا۔ لیکن ہم نے اپنا اصرار برابر جاری رکھا۔ ایک مرتبہ میں نے خواب میں دیکھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جامع مسجد کے منبر پر تشریف فرما ہیں اور مولوی محمد عمر صاحب آپ کو مورچھل جھل رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ صدر الدین آؤ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کر لو۔ اور بعینہ یہی خواب امام صاحب نے دیکھا۔ اور بعینہ اسی طرح ان دوسرے اشخاص نے دیکھا جب صبح ہوئی تو میں امام صاحب کی طرف چلا تاکہ اُن سے یہ خواب بیان کروں اور وہ اپنا خواب بیان کرنے کے لیے میری طرف چلے۔ اور وہ دوسرے اشخاص بھی ہماری طرف چلے اتفاق سے راستہ میں ایک مقام پر ہم سب مل گئے۔ اور میں نے کہا میں تمھارے پاس جا رہا تھا رات میں نے یہ خواب دیکھا ہے اُنھوں نے کہا ہم تمھارے پاس آ رہے تھے ہم نے بھی بعینہ یہی خواب دیکھا ہے۔ اب ہم سب مل کر مولوی محمد عمر صاحب کے مکان پر آئے تو اس وقت مولوی صاحب اپنے مکان کے سامنے ٹہل رہے تھے ہم نے ان سے یہ خواب بیان کیا تو اُنھوں نے کہا کہ نہیں میں ایسا نہیں ہوں میں ایسا نہیں ہوں۔ اور یہ کہتے ہوئے بھاگ گئے ＊

۱۱۸

حاشیہ حکایت (۱۰۳) یہ مولوی محمد عمر صاحب مجذوب تھے اس لئے ان کے ان افعال کی (کہ ایک ہی رات میں سب کو ایک ہی خواب نظر آنا اور یہ کہنا کہ میں ایسا نہیں ہوں اور بھاگ جانا) حقیقت معلوم ہونے کی ضرورت نہیں یہ ضرورت سالکین کے اقوال و افعال میں ہوتی ہے۔ (تمت)

(۱۰۴) خانصاحب نے فرمایا کہ اسی مجلس میں نواب مصطفےٰ خاں نے اپنا قصہ بیان کیا کہ ہم چند احباب جن میں مرزا غالب بھی تھے اپنے بالاخانہ پر بیٹھے ہوئے تھے اور بلا مزامیر کے گانا ہو رہا تھا۔ اتفاق سے مومن خاں کہیں سے مولوی محمد عمر صاحب کو پکڑ لائے۔ وہ یہ کہتے جاتے تھے کہ مجھے چھوڑ دو مجھے چھوڑ دو۔ مگر مومن خاں نہیں مانتے تھے آخر لا کر اس مجلس میں ان کو بٹھلا دیا۔ گانا برابر ہوتا رہا۔ تھوڑی دیر میں مولوی محمد عمر صاحب نے ایک بہت ہی معمولی حرکت کی اُس کے اثر سے سارا

مکان ہل گیا۔ اسپر سب کو شبہ ہوگیا۔ یہ بھی خیال ہوا کہ شاید ان کی جنبش کا اثر ہو۔ اور یہ بھی کہ شاید زلزلہ ہو۔ اسپر سب کی توجہ مولوی محمد عمر صاحب کیطرف ہوگئی۔ تھوڑی دیر میں انہوں نے دوبارہ حرکت کی جو پہلی حرکت سے کسیقدر زیادہ تھی اس سے مکان بھی ہل گیا۔ اور پہلے سے زور سے ہلا۔ اب تو یقین ہوگیا کہ یہ انہی کی حرکت کا اثر ہے تھوڑی دیر میں ذرا اور زور سے حرکت کی تو اُس سے مکان کو اور زور سے حرکت ہوئی اور کڑیاں بھی بول گئیں اور طاقوں وغیرہ میں جو شیشہ آلات رکھے تھے وہ کھن کھن کھن کرنے لگے۔ اسپر کسی نے کہا کہ مولوی محمد عمر یہ کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ میں تو پہلے ہی کہتا تھا کہ مجھے مت بٹھاؤ۔ اور یہ کہہ کر اُٹھ کر چلدیئے۔

حاشیہ حکایت (۱۰۴) یہاں بھی اُسی مضمون کا اعادہ کرتا ہوں جو حاشیہ حکایت بالا میں گذرا (**ش ت**)

(۱۰۵) خانصاحب نے فرمایا کہ مولانا گنگوہی فرماتے تھے کہ شاہ اسحٰق صاحب کے شاگردوں میں تین شخص نہایت متقی تھے۔ اول درجہ کے مولوی مظفر حسین صاحب دوسرے درجہ کے شاہ عبدالغنی صاحب۔ تیسرے درجہ کے نواب قطب الدین خانصاحب اس کے بعد فرمایا کہ ایک مرتبہ نواب قطب الدین خاں صاحب نے شاہ اسحٰق صاحب مولوی محمد یعقوب صاحب اور مولوی مظفر حسین صاحب اور چند دوسرے احباب کی دعوت کی شاہ اسحٰق صاحب نے منظور فرمالی اور مولوی محمد یعقوب صاحب نے بھی مگر مولوی مظفر حسین صاحب نے منظور نہ فرمائی۔ اس سے نواب قطب الدین خاں کو ملال ہوا۔ اور انہوں نے شاہ اسحٰق صاحب سے شکایت کی کہ میں نے مولوی مظفر حسین صاحب کی بھی دعوت کی تھی مگر انہوں نے انکار کر دیا۔ شاہ صاحب نے مولوی مظفر حسین صاحب پر عتاب فرمایا۔ اور فرمایا ارے مظفر حسین تجھے تقوے کی بدہضمی ہوگئی۔ کیا نواب قطب الدین کا کھانا حرام ہے انہوں نے فرمایا حاشا وکلا مجھے نواب صاحب پر اس قسم کی بدگمانی نہیں ہے شاہ صاحب نے فرمایا پھر تو کیوں انکار کرتا ہے انہوں نے عرض کیا کہ حضرت نواب صاحب نے آپ کی بھی دعوت کی ہے اور مولوی محمد یعقوب صاحب کی بھی اور ان کے

۱۱۹

علاوہ اتنے اور آدمیوں کی اور آپ کو پالکی میں لیجائیں گے۔ اوس میں بھی صرف صرف ہوگا اور نواب صاحب گو بگڑ گئے ہیں۔ مگر پھر نواب زادہ ہیں وہ دعوت میں ضرور نوابانہ تکلف بھی کریں گے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا ہے۔ کہ نواب صاحب مقروض بھی ہیں پس یہ مقروض ہیں اور جتنا روپیہ وہ دعوت میں صرف کریں گے وہ ان کی حاجت سے زائد بھی ہے۔ تو یہ روپیہ وہ اپنے قرض میں کیوں نہیں دیتے ایسی حالت میں ان کا کھانا کراہت سے خالی نہیں۔ یہ بات شاہ صاحب کے ذہن میں بھی آگئی اور شاہ صاحب نے فرمایا کہ میاں قطب الدین اب ہم بھی تمہارے یہاں کھانا نہ کھائیں گے۔

حاشیہ حکایت (۱۰۵) قولہ ان کا کھانا کراہت سے خالی نہیں۔ **اقول** کہ اعانت بعیدہ ہے مطل فی اداء القرض کی کیا دقیق تقوے ہے اور استاد کیسے مقدس کہ یا تو شاگرد کو تاڑ رہے تھے یا اُن ہی کا اتباع کر لیا اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر اپنے پاس دلیل ہو تو محض استاد کی تقلید سے دلیل کا چھوڑنا نہ چاہئے۔ (تمت)

۱۲۰ (۱۰۶) خانصاحب نے فرمایا کہ یہ قصہ بھی مولانا گنگوہی بیان فرماتے تھے۔ کہ ایک مرتبہ شاہ عبدالغنی صاحب کے یہاں کئی وقت کا فاقہ ہوا۔ اُس کا تذکرہ ان کی ماما نے کہیں کر دیا۔ اُس کی خبر کسی ذریعہ سے مفتی صدرالدین خاں صاحب کو بھی ہو گئی مفتی صاحب نے تین سو روپیہ شاہ صاحب کی خدمت میں بھجوا دیے۔ شاہ صاحب نے واپس کر دیئے اسکے بعد مفتی صاحب وہ روپیہ لے کر خود حاضر ہوئے۔ اور تخلیہ میں روپے پیش کئے۔ اور فرمایا کہ شاید حضور کو خیال ہو کہ یہ صدر الصدور ہے رشوت لیتا ہوگا اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ میں رشوت نہیں لیتا۔ بلکہ یہ روپے میری تنخواہ کے ہیں آپ ان کو قبول فرما لیجئے۔ شاہ صاحب نے فرمایا کہ مجھے تو یہ وسوسہ بھی نہیں گذرا کہ تم رشوت لیتے ہونگے میں تمہاری نوکری کو بھی اچھا نہیں سمجھتا اور اس لئے میں ان کے لینے سے معذور ہوں

حاشیہ حکایت (۱۰۶) قولہ خود حاضر ہوئے **اقول** اس سے جناب مفتی صاحب کا بھی کمال ادب و محبت دینی ثابت ہوتی ہے کہ واپسی کو اپنی شان کے خلاف سمجھکر متغیر نہیں ہوئے۔

(باقی آئندہ)

سیدنا ابوبکر:۔ ہاں میں زمین حرم کا باشندہ ہوں۔

شیخ یمن:۔ اور جہانتک مین سمجھتا ہوں کہ تم قریشی بھی ہو۔

سیدنا ابوبکر:۔ تمہارا یہ خیال بھی صحیح ہے بیشک میں قریشی بھی ہوں۔

شیخ یمن:۔ میں تم کو تیمی بھی سمجھتا ہوں۔

سیدنا ابوبکر:۔ بالکل صحیح خیال ہے میں تیم بن مرہ کے خاندان سے ہوں۔

شیخ یمن:۔ صرف ایک بات مجھے آپ میں اور دیکھنا باقی ہے۔

سیدنا ابوبکر:۔ وہ کیا بات ہے؟

شیخ یمن:۔ تم ذرا اپنا پیٹ کھولکر دکھادو تو میں اس بات کو بھی معلوم کرلونگا۔

سیدنا ابوبکر:۔ جبتک آپ مجھے اسکی حقیقت سے مطلع نہ فرمائینگے میں اپنا پیٹ کھولکر نہ دکھلاؤنگا۔

شیخ یمن:۔ مجھے علم صحیح صادق سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ زمین حرم میں ایک نبی مبعوث ہونگے جنکے مددگار و معین دو شخص ہونگے ایک جوان اور ایک ادھیڑ جوان[1] تو خطرات میں بے محابا گھسنے والا اور مشکلات کا حل کرنیوالا ہے۔ ادھیڑ کا حلیہ یہ ہے کہ گورا رنگ، جسم لاغر یعنی دبلا پتلا آدمی ہے جسکے پیٹ کے اوپر ایک سیاہ تل ہے اور اسکی بائیں ران پر بھی ایک خاص نشان ہے پیٹ دکھانے میں آپ کا کیا حرج ہے؟ جس علامت کو مین دیکھنا چاہتا ہون تم اسکو مجھ سے نہ چھپاؤ کیونکہ اور سب علامات کامل طور پر میں تمہارے اندر دیکھ رہا ہوں صرف ایک یہی علامت دیکھنی باقی ہے جسکو تم مجھ سے چھپا رہے ہو میں نے یہ بیان سنکر اپنا پیٹ کھولکر اُسے دکھادیا اور اس نے میری ناف کے اوپر سیاہ تل اپنی آنکھون سے دیکھ لیا تو کہنے لگا کہ رب کعبہ کی قسم تم ہی وہ ادھیڑ آدمی ہو جسکی بابت آسمانی کتابوں میں خبر دی گئی ہے اور تم نبی آخر الزمان کے معاون و مددگار بنوگے اس لئے میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ ہدایت سے کبھی اعراض اور انحراف نہ کرنا اور راہ مستقیم کو مضبوطی کے ساتھ پکڑے رہنا اور کبھی اس سے بے رُخی نہ کرنا، حق تعالےٰ شانہ نے جسقدر مال و دولت اور نعمتیں تم کو عطا فرمائی ہیں اُنمیں خدا کی ناشکری سے ڈرتے رہنا سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جس کام کیلئے

[1] یہ جوان حضرت سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہیں ۱۲ منہ

یمن گیا تھا اُس سے فارغ ہو کر اُس عالم سے رخصتی ملاقات کرنے آیا تو وہ کہنے لگا کہ تم میرے چند اشعار جو میں نے نبی آخرالزمان کی شان میں کہے ہیں یاد کر کے آپ کی خدمت بابرکت میں پہنچا سکتے ہو؟ میں نے کہا ہاں مجھے اس خدمت سے کوئی انکار نہیں اسکے بعد اسنے چند اشعار پڑھے جنکو یاد کر کے میں نے مکہ کا رُخ کیا جب میں مکہ پہنچ گیا تو عقبہ بن ابی معیط، شیبہ، ربیعہ، ابوالجہل، ابوالبختری، اور نیز دیگر سرداران قریش میرے پاس آئے میں نے ان سے پوچھا کہ آجکل مکہ میں کوئی نئی بات تو نہیں ہے؟ کہنے لگے ایک بہت بڑا واقعہ پیش آیا ہے ابوطالب کا یتیم بھتیجا یہ دعویٰ کر رہا ہے کہ میں خدا کا رسول ہوں ہم اس معاملہ میں ابتک تمہارے منتظر رہے اگر تمہارا انتظار ہم کو نہ ہوتا تو ہم کبھی کے ایک رائے قائم کر چکے ہوتے سو اب تم آگئے ہو ہم تمہاری رائے کو سب کی طرف سے کافی سمجھتے ہیں میں نے اُن لوگوں کو لطائف الحیل سے ٹالدیا اور وہاں سے اُٹھ کر حکیم بن حزام[1] کے پاس پہنچا جو کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے ہیں میں وہاں جاکر بیٹھا ہی تھا کہ انکی باندی یہ کہتی ہوئی آئی کہ اے حکیم بن حزام آج تمہاری پھوپھی خدیجہ یہ کہتی پھرتی ہیں کہ میرا شوہر موسیٰ علیہ السلام کی طرح نبی مرسل ہے میں وہاں سے کھسک کر حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت فیضدرجت میں حاضر ہوا اور دعویٰ نبوت کا سارا قصہ آپ سے دریافت کیا آپنے وحی نازل ہونے کا پورا واقعہ بیان فرما کر ارشاد فرمایا کہ اے ابوبکر خدا تعالیٰ نے

۱۸

[1] سیدنا حکیم بن حزام بن خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی قریشی اسدی ام المومنین حضرت خدیجہ بنت خویلد کے بھتیجے اور حضرت زبیر بن عوام کے چچازاد بھائی ہیں کعبہ کے اندر واقعہ فیل سے تیرہ برس پہلے علی اختلاف الروایات پیدا ہوئے۔ ایک سو بیس[2] برس کی عمر پاکر ۵۴ھ میں بعہد خلافت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ وفات پائی بعض لوگ کہتے ہیں کہ ۵۰ھ میں انتقال فرمایا۔ وفات سے پہلے نابینا ہوگئے تھے۔ آپ زمانہ جاہلیت اور اسلام کے ہر زمانہ میں قریش کے اشراف اور ذوی وجاہت لوگوں میں شمار کئے گئے۔ جسقدر نیک کام آپنے زمانہ جاہلیت میں کئے تھے اسیقدر اسلام کے زمانہ میں بھی کئے۔ دارالندوہ آپ ہی کے قبضے میں تھا جسکو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ آپ نے ایک لاکھ درہم میں فروخت کر کے خیرات کر دیا۔ ان سے ابن زبیر نے کہا کہ تم نے قریش کی عزت کی چیز فروخت کر ڈالی آپ نے جواب دیا اب بجز پرہیزگاری کے عزت کے قابل کوئی چیز نہیں رہی آپ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ لوگ میرے پاس ایسی چیز خریدنے آتے ہیں جو میرے پاس نہیں ہوتی کیا میں بازار سے خرید کر انکے ہاتھ فروخت کر دیا کروں؟ حضرت نے فرمایا اس چیز کی بیع نہ کرو جو تمہارے پاس نہ ہو آپ بڑے سخی آدمی تھے ۱۲ منہ۔

مجھ کو تمام مخلوق کی طرف اپنا رسول بنا کر بھیجا ہے پس تم مجھ پر ایمان لاؤ میں نے عرض کیا کہ بھلا اسکی کیا دلیل ہے؟ آپ نے فرمایا یمن کا وہ شیخ جس سے تم ملکہ آئے ہو میری نبوت کی دلیل ہے میں نے عرض کیا یمن میں تو بہت سے شیخ ہیں جن سے میں نے ملاقات کی تھی حضور نے فرمایا کہ نہیں وہ شیخ جس نے چند اشعار مجھ تک پہنچانے کے لئے تم کو سُنائے ہیں سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے پہلے ایمان لائے چنانچہ ابن عساکر حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اسلام لائے۔ زید بن ارقم فرماتے ہیں کہ جس شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سب سے پہلے نماز پڑھی وہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ہیں۔ ترمذی ابو سعید خدری سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے (ثقیفہ میں) بوقت قضیہ خلافت فرمایا تھا کہ کیا میں تم سب لوگوں سے زیادہ مستحق خلافت نہیں ہوں؟ کیا میں سب سے پہلے ایمان نہیں لایا؟ کیا فلاں فضیلت مجھ میں نہیں ہے کیا فلاں فضیلت مجھ میں نہیں ہے؟ شعبی فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عباس سے عرض کیا کہ سب سے پہلے کون اسلام لایا تھا آپ نے فرمایا حضرت ابو بکرؓ اور کہا کیا تم نے حسانؓ[۱] کے یہ اشعار نہیں سُنے ؎

۱۹

اذا تذکرت شجوا من اخی ثقۃ + فاذکر اخاک ابا بکر بما فعلا

جب تم اپنے کسی پرہیزگار بھائی کا رنج والم یاد کرو + تو چاہئیے کہ ابو بکرؓ کے حالات بھی پیش نظر رکھو

---

[۱] سیدنا حسان بن ثابت بن منذر بن حرام بن عمرو بن زید مناہ بن عدی بن عمرو بن مالک بن نجار انصاری ہیں خزرجی ہیں پھر نجی مالک بن نجار میں محسوب ہوئے (کذا فی اسد الغابہ باب الحاء والسین) آپکی والدہ فریعہ بنت خالد بن خنیس بن لوذان ابن عبدوُد بن ثعلبہ بن خزرج بن کعب بن ساعدہ انصاریہ ہیں آپ شاعر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لقب سے ملقب ہیں کنیت آپکی ابو الولید ہے اور بعض لوگوں کے نزدیک ابو عبد الرحمٰن اور بعض لوگ "ابو الحسام" بیان کرتے ہیں احسام تلوار کو کہتے ہیں یہ کنیت اسوجہ سے رکھی گئی۔ کہ آپ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف سے زبانی لڑائی لڑتے اور مشرکین کی ہجو کرکے انکی آبروریزی کرتے تھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک مرتبہ سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا کہ خدا کی قسم آپ ویسے ہی تھے جیسا حسان نے آپکی شان میں کہا ہے۔

متیٰ یبد فی الداجی البھیم جبینہ + یلح مثل مصباح الدجی المتوقد

جب شبِ تاریک میں انکی پیشانی کھل جاتی ہو • تو اس طرح چمکتی ہے جیسے اندھیری میں روشن چراغ

فمن کان او من قد یکون کاحمد + نظام لحق او نکال لملحد

پس مثل احمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق کا منتظم • اور کجرو کو سزا دینے والا کون ہوا ہے یا کون ہوگا

خیر البریۃ اتقاھا واعدلھا ✣ بعد النبی واوفاھا بما حملا

(آپ) بعد نبی کے تمام مخلوق سے بہتر، سب سے زیادہ پرہیزگار اور سب سے زیادہ عادل اور سب سے زیادہ اپنے فرائض کے پورا کرنیوالے تھے

والثانی التالی المحمود مشھدہ ✣ واول الناس ممن صدق رسلا

نبی کے ہمراہ دوسرے شخص تھے جنکا مشہد پسندیدہ تھا اور سب سے پہلے انھوں نے پیغمبر کی تصدیق کی تھی (یعنی اسلام لائے تھے)

محمد بن عبدالرحمن بن عبداللہ تیمی نے بیان کیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میں نے جسکو اسلام کی طرف بُلایا کچھ نہ کچھ تردد اور شک اسکے دل میں ضرور آیا۔ مگر ابوبکر صدیقؓ کے سامنے جب مین نے اسلام پیش کیا تو انھوں نے بغیر فکر و تردد کے اسکو قبول کرلیا۔ شعبہؒ بواسطہ عمرو بن مرہ کے ابراہیم نخعی سے روایت کرتے ہیں کہ سب سے پہلے لوگوں نیں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اسلام لائے (کتاب الاستیعاب جلد ا صفحہ ۳۳۰)

(بقیہ صفحہ سابق) سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم انکے لئے مسجد اقدس میں منبر رکھ دیتے تھے یہ اسپر کھڑے ہوکر رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی ثنائیاں بیان کرتے تھے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے کہ اللہ تعالٰے روح القدس سے حسان کی تائید کرتا ہے جبتک کہ وہ اُسکے رسول کی طرف سے گفتگو کرتے ہیں۔

ابن درید نے بواسطہ ابو حاتم ابو عبیدہ سے نقل کیا ہے کہ حسان میں بہ نسبت اور شعراء کے تین باتیں فضیلت کی تھیں زمانۂ جاہلیت میں انصار کے شاعر تھے زمانۂ نبوت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے شاعر رہے زمانۂ اشاعت اسلام میں تمام یمن کے شاعر ہوئے نیز ابو عبیدؒ نے یہ بھی فرمایا کہ جمیع اہل عرب کا اتفاق ہے کہ تمام صحرائے عرب کے باشندوں میں اہل مدینہ کے شعر اچھے ہوتے تھے پھر قبیلہ عبدالقیس کے لوگوں کے پھر قبیلہ ثقیف والوں کے اور اس بات پر بھی سب کا اتفاق ہے کہ اہل مدینہ میں سب سے بہتر حسان کے اشعار ہیں علامہ اصمعی نے کہا ہے کہ شعر ایک بری چیز ہے ہمیشہ وہ بُرے مضامین یعنی جھوٹ اور مبالغہ مین عمدہ اور آسان ہوگا اور جب عمدہ مضامین مین شعر کہا جاویگا تو کمزور ہو جائیگا یہی حسان بن ثابت ہیں کہ زمانۂ جاہلیت میں نامور شعراء میں شمار کئے جاتے تھے مگر جب وہ مشرف باسلام ہوئے تو ان کا شعر اپنے مرتبہ سے گر گیا کسی نے حسان سے دریافت کیا کہ اے ابو الحسام آپ کا شعر نرم اور کمزور ہو گیا اسکا کیا سبب ہے انھوں نے جواب دیا بھتیجے شعر کی عمدگی یہی ہے کہ جو مضمون اس مین بیان کیا جائے وہ مبالغہ سے پُر ہو حالانکہ مبالغہ جھوٹ ہوتا ہے اور اسلام اسکو منع کرتا ہے یہ وجہ ہے کہ میرا شعر عمدہ نہیں ہوتا۔ نیز آپ نے یہ بھی فرمایا "رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن عورتوں پر لعنت فرمائی ہے جو قبوروں کی زیارت کریں۔ حضرت حسان کی وفات ۴۰ھ سے پہلے حضرت علیؓ کی خلافت میں ہوئی اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ سنہ ۵۰ھ میں اور بعضوں کے نزدیک ۵۴ھ میں البتہ اس میں کسی نے اختلاف نہیں کیا کہ آپکی عمر اسوقت ایکسو بیس سال کی تھی ان میں سے ساٹھ سال زمانہ جاہلیت میں گذرے اور ساٹھ سال اسلام میں اسیطرح انکے والد ثابت اور انکے دادا منذر اور دادا کے والد حرام میں سے ہر ایک کی عمر ایک سو بیس برس کی ہوئی انکے سوا عرب میں چار پشتیں ایک نسل کی ایسی نہیں ہیں جنکی عمر ایک سو بیس برس کی ہو ۱۲ منہ۔

(باقی آیندہ)

۱۳۴۶ھ

عثمانی جنتری

شرائط کتب خانہ اشرفیہ دریبہ کلاں دہلی

(۱) چونکہ آجکل بسبب میل ختم ہو جانے کے کتابوں کا کچھ قیام نہیں بعض درسی کتب ختم ہو چکی ہیں اور بعض بالفعل تو ہیں مگر ختم ہو جانا ممکن ہے۔ لہذا کوئی کتاب باوجودیکہ درج فہرست ہونیکے ارسال نہ کیجاوے تو سمجھ لیں کہ ختم ہو گئی نیز بعض کی قیمتوں میں بیشی ہو جانا بھی ممکن ہے اور کمی ہو جانا بھی کیونکہ بعض کتب کئی جگہ تیار ہونے پر ارزاں ہو جاتی ہیں غرض یہ کہ کتاب کا نہ ملنا گراں و ارزاں ملنا ممکن ہے کوئی صاحب شکایت نہ فرماویں۔

(۲) جبکہ پیکٹ یا پارسل مقررہ احتیاط کیساتھ روانہ ہو چکا تو پھر راہ کے نقصان کا کتب خانہ ذمہ دار نہیں البتہ ثبوت روانگی دینا ضروری ہے۔

(۳) اگر کسی خاص مطبع کی کوئی کتاب درکار ہو تو اسکا نام ضرور تحریر فرماویں ورنہ جو موجود ہوگی ارسال کیجاویگی

(۴) مصارف پارسل و محصول وغیرہ ہمیشہ بذمہ خریدار ہونگے

(۵) بعض حضرات صرف ٹکٹ روانہ فرما دیتے ہیں کتبخانہ اسکے عوض کتاب روانہ کر دیتا ہے مگر راہ میں پیکٹ بوجہ از جسٹر نہونیکے ضائع ہو جاتا ہے تو احقر مورد عتاب ہوتا ہے۔ لہذا ٹکٹ کوئی صاحب نہ بھیجیں ورنہ پھر شکایت نہ کریں البتہ جب کبھی بھی آپ ٹکٹ روانہ فرماکر کتاب منگاوینگے اور احقر روانہ کر دے گا اور راہ میں گم ہو جاوے گا تو اسکا ثبوت تو احقر ضرور دیگا مگر ذمہ دار نہیں۔

(۶) بصورت پتہ نہ پڑھے جانیکے تعمیل حکم نہیں ہوتی لہذا خوشخط اور پورا معہ ضلع تحریر فرمایا کریں۔

(۷) بعض حضرات وی۔ پی منگا کر واپس کر دیتے ہیں جس سے کتب خانہ کو نقصان پہونچتا ہے ایسا نہ کیا کریں ورنہ نقصان اُن کے ذمہ رہتا ہے۔ خواہ وہ دنیا میں دیں یا آخرت پر رکھیں۔

الملتمس محمد عثمان مالک کتبخانہ اشرفیہ دریبہ کلاں دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد حمد و صلوٰۃ کے عرض ہے کہ یہ جنتری نمازیوں کے واسطے بنائی گئی ہے تاکہ ابر وغیرہ میں کام آوے مگر یہ حساب ہی کوئی وحی نہیں ہے کہ سارے کام اسی پر چھوڑ دئے جائیں، ممکن ہے کہ منٹ دو منٹ کا کہیں حرق نکل آئے یا گھڑی میں فرق ہو جہانتک ممکن ہو احتیاط سے کام لیں اور یہ جنتری دہلی کے واسطے ہے مگر ہر مقام پر کام دیسکتی ہے اسکا طریقہ یہ ہے کہ جس مقام پر کام میں لاتا ہو وہاں دو ایک روز زوال یا غروب دیکھیں کہ اس جنتری سے کے منٹ بعد یا قبل زوال یا غروب ہوا جتنے منٹ کا فرق نکلے ہمیشہ اتنے منٹ کا فرق نکالکر کام میں لاویں مثلاً میرٹھ میں دیکھا کہ دو منٹ قبل غروب یا زوال ہوا تو اب سمجھ لیں کہ صرف دو منٹ کا فرق ہے۔ دو منٹ پہلے وقت کا ہو جانا خیال کریں۔ یا مثلاً انبالہ میں اس جنتری سے دو منٹ بعد غروب ہوا تو سمجھ لیں کہ انبالہ میں دو منٹ بعد وقت ہوگا، اور اس جنتری میں عشاء کا وقت حنفی لکھا ہے یعنی بعد غروب آفتاب جو سرخی کے بعد سپیدی پھیلتی ہے اسکے غائب ہونیکے بعد حضرت امام اعظم رحمتہ اللہ علیہ کے نزدیک عشاء کا وقت ہوتا ہے، گو صاحبین کے نزدیک سرخی کے بعد وقت ہو جاتا ہے، مگر احتیاط اسی میں ہے کہ کسی قسم کا شک ہی نہ رہے ایسے ہی عصر کا وقت ہمارے امام صاحب کے نزدیک مثلین کے بعد ہوتا ہے اگرچہ دوسرے حضرات کے نزدیک اس سے قبل بھی ہو جاتا ہے مگر احتیاط اسی میں ہے کہ مثلین کے بعد نماز عصر پڑھے اور ظہر ایک مثل کے اندر پڑھ لے مگر بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہمارے شہر دہلی میں اکثر جگہ عصر کی نماز مثلین سے قبل ہو جاتی ہے حالانکہ حنفی کہلاتے ہیں ایسا ہرگز نہ کرنا چاہیئے احتیاط کا پہلو لینا چاہیئے۔ آخر میں احقر کی درخواست ہے کہ اس جنتری میں جو کہیں غلطی دیکھیں اسکی اصلاح کر دیں اور احقر کو اطلاع دیں کہ آیندہ درست کر دیجائے۔ فقط۔

خاکسار

محمد عثمان عفی عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَوٰةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا

سلسلہ تبلیغ اسلام و احکام کا دوسرا نمبر

یعنی

نماز کی عقلی خوبیان

از حکیم الامتہ حضرت مولٰنا مولوی شاہ محمد اشرفعلی صاحب تھانوی دام فیضہم

نماز خدا کی تعظیم و تکبیر سے شروع ہوتی ہے اور اُس سے مقصود بندہ کا اللہ اکبر کہنا ہے اور اسوقت نمازی اگر مرد ہوتا ہے تو اپنے کانوں تک ہاتھ اُٹھاتا ہے اور عورت اپنے مونڈھون تک ہاتھ اُٹھاتی ہے۔ اللہ اکبر کہنے میں اوّل تو تعظیم پائی جاتی ہے دوسرے اسطرح بارگاہ شاہی میں گویا تحیت و سلام عرض کیا جاتا ہے اور حاضری کی اجازت مانگی جاتی ہے اور باوجود ان باتون کے اسمین یہ بھی اشارہ ہے کہ بندہ کو یہ مضمون پیش نظر رکھنا چاہیے کہ اُسکا مولےٰ جسکے سامنے وہ حاضر ہونیکو ہے تمام چیزوں سے بڑا ہے کوئی تھے اُسکی کبریائی و عظمت کو نہیں پہنچ سکتی بس مناسب ہے کہ اپنے مولےٰ کے سوا خواہ دنیوی تعلقات ہون یا اخروی مرغوبات سب سے اپنے دل کو پاک کرکے اُسکے حضور میں حاضر ہو اور دونون ہاتھوں کے اُٹھانے سے بھی اسی بات کی تاکید ہوتی ہے جیسے کہ کوئی شخص اعراض کرکے اُس چیز سے جو اُسکے سامنے ہو ہاتھ

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	طلوع آفتاب	[illegible]	[illegible]	غروب آفتاب	[illegible]
جمعہ	۱	۱	۳ بجکر ۵۰ منٹ	۵ بجکر ۲۷ منٹ	۲ بجکر ۸ منٹ	۵ بجکر ۲۲ منٹ	۷ بجکر ۳۰ منٹ	۹ بجکر ۳ منٹ
شنبہ	۲	۲	؍؍	؍؍	؍؍	؍؍	؍؍	؍؍
یکشنبہ	۳	۳	۵۱	۲۸	؍؍	؍؍	۰	۳
دوشنبہ	۴	۴	۵۲	؍؍	۲۹	؍؍	؍؍	۰
سہ شنبہ	۵	۵	۵۳	۲۹	؍؍	۰	۲۹	؍؍
چہارشنبہ	۶	۶	۰	؍؍	؍؍	؍؍	؍؍	۲
پنجشنبہ	۷	۷	۰	۰	؍؍	۰	؍؍	؍؍
جمعہ	۸	۹	۵۴	۳۰	۰	۰	۰	؍؍
شنبہ	۹	۱۰	؍؍	؍؍	؍؍	؍؍	؍؍	؍؍
یکشنبہ	۱۰	۱۰	۵۵	۳۱	۰	۰	۰	۱
دوشنبہ	۱۱	۱۱	۵۶	۰	۰	۰	۰	۰
سہ شنبہ	۱۲	۱۲	۵۷	۳۲	۰	؍؍	۲۸	؍؍
چہارشنبہ	۱۳	۱۳	۵۸	۳۳	۰	؍؍	؍؍	۹ بجے
پنجشنبہ	۱۴	۱۴	؍؍	۰	؍؍	؍؍	۰	۰
جمعہ	۱۵	۱۵	۵۹	۳۴	۰	؍؍	۲۷	۰
شنبہ	۱۶	۱۶	۰	؍؍	۰	۰	۰	۰
یکشنبہ	۱۷	۱۷	۴ بجے	۳۵	۰	۰	۰	۹ بجکر ۱ منٹ
دوشنبہ	۱۸	۱۸	؍؍	۰	۰	۰	۲۶	۰
سہ شنبہ	۱۹	۱۹	۴ بجکر ۱ منٹ	۳۶	۳۱	۰	۲۵	؍؍
چہارشنبہ	۲۰	۲۰	۲	؍؍	؍؍	؍؍	؍؍	۵۸
پنجشنبہ	۲۱	۲۱	۳	۳۷	؍؍	؍؍	؍؍	؍؍
جمعہ	۲۲	۲۲	؍؍	؍؍	؍؍	۰	۲۴	؍؍
شنبہ	۲۳	۲۳	۴	۳۸	؍؍	؍؍	؍؍	؍؍
یکشنبہ	۲۴	۲۴	۵	۳۹	؍؍	؍؍	۲۳	۵۷
دوشنبہ	۲۵	۲۵	؍؍	۰	؍؍	۲۳	؍؍	۵۶
سہ شنبہ	۲۶	۲۶	۶	۴۰	؍؍	؍؍	۲۲	۵۵
چہارشنبہ	۲۷	۲۷	۷	۰	۰	؍؍	؍؍	۵۴
پنجشنبہ	۲۸	۲۸	۸	۴۱	۰	۲۲	۲۱	۵۳
جمعہ	۲۹	۲۵	۹	۴۲	؍؍	۲۱	۲۰	۵۲
شنبہ	۳۰	۳۰	۱۰	۰	۰	۰	۰	۵۱

۱۳۴۵ھ	صفر المظفر ۱۳۴۵ھ	جولائی ۱۹۲۶ء	صبح صادق	طلوع آفتاب	زوال آفتاب	ظل مثلین یعنی عصر	غروب آفتاب یعنی مغرب	غیبوبت شفق یعنی عشا
یکشنبہ	۱	۳۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
دوشنبہ	۲	یکم اگست	″	″	″	″	۱۸	۴۸
سہ شنبہ	۳	۲	۱۲	۴۴	″	۱۹	۱۷	۴۷
چہارشنبہ	۴	۳	۱۳	۴۵	″	″		۴۶
پنجشنبہ	۵	۴	۱۴	۴۶	″	۱۸	۱۶	۴۵
جمعہ	۶	۵	۱۵	″	″	″	۱۵	۴۴
شنبہ	۷	۶	۱۶	۴۷	۳۰	۱۷	″	۴۳
یکشنبہ	۸	۷	″	″	″	″	۱۴	۴۱
دوشنبہ	۹	۸	۱۷	۴۸	″	۱۶	۱۳	۴۰
سہ شنبہ	۱۰	۹	۱۸	″	″	″	۱۲	۳۹
چہارشنبہ	۱۱	۱۰	۱۹	۴۹	″	۱۵	۱۱	۳۸
پنجشنبہ	۱۲	۱۱	۲۰	″	″	″	۱۰	۳۷
جمعہ	۱۳	۱۲	۲۱	۵۰	″	۱۴	۹	۳۶
شنبہ	۱۴	۱۳	۲۲	۵۱	۲۹	″	۸	۳۵
یکشنبہ	۱۵	۱۴	۲۳	۵۲	″	۱۳	۷	۳۳
دوشنبہ	۱۶	۱۵	۲۴	″	″	″	۶	۳۲
سہ شنبہ	۱۷	۱۶	۲۵	۵۳	″	″	۵	۳۱
چہارشنبہ	۱۸	۱۷	۲۶	۵۴	″	۱۲	۴	۳۰
پنجشنبہ	۱۹	۱۸	۲۷	۵۵	۲۸	″	۳	۲۹
جمعہ	۲۰	۱۹	۲۸	″	″	″	۲	۲۸
شنبہ	۲۱	۲۰	۲۹	۵۶	″	۱۱	۱	۲۷
یکشنبہ	۲۲	۲۱	″	″	″	″	۷ بجے	۲۶
دوشنبہ	۲۳	۲۲	۳۰	۵۷	۲۷	۱۰	۶ بجکر ۵۹ منٹ	۲۵
سہ شنبہ	۲۴	۲۳	۳۱	″	″	″	۵۸	۲۴
چہارشنبہ	۲۵	۲۴	۳۲	۵۸	″	۹	۵۷	۲۳
پنجشنبہ	۲۶	۲۵	″	″	″	″	۵۶	۲۲
جمعہ	۲۷	۲۶	۳۳	۵۹	۲۶	۸	۵۵	۲۱
شنبہ	۲۸	۲۷	″	″	″	۷	۵۳	۱۹
یکشنبہ	۲۹	۲۸	۳۴	۶ بجے	″	۶	۵۲	۱۸

کھینچتا ہی گویا کہ نمازی نے یہ فرض کیا ہی کہ خدا کے سوا تمام اشیاء اُسکی آنکھون کے روبرو حاضر ہین اور یہ کہکر کہ خدا جملہ اشیاء سے بڑا ہے وہ ان سب سے ہاتھ اٹھاتا ہے اور یہ کہتا ہی کہ مین خدا کے سوا کسی چیز کو نہین لیتا. اسی کو اختیار کرتا ہوں اور لو مین اپنی ساری مرغوبات کو چھوڑے دیتا ہوں - مین اسی کی بارگاہ عالی مین حاضر ہونیکا پختہ قصد کر چکا - مرد کے خلاف بجائے کانوں تک کے عورتونکے شانون ہی تک ہاتھ اُٹھانے مین اس بات کی طرف اشارہ ہی کہ اپنے جی کو قابو مین رکھنے پر قادر ہونیکے لحاظ سے مردوں سے عورتوں کا مرتبہ ذرا گھٹا ہوا ہے - گویا کہ مرد و عورت دونون اپنے اپنے مرتبہ کو زبان حال سے بیان کرتے ہیں. علاوہ برین عورتوں کے لئے محض شانون ہی تک ہاتھ اٹھانا کافی سمجھے جانے میں اُنکے پردہ کی بھی حمایت ہو جاتی ہے - پھر بندہ تکبیر کہکر غلاموں کیطرح اپنے مالک کے سامنے نہایت ادب سے ہاتھ باندھکر کھڑا ہو جاتا ہی اسکی نظر ہے کہ زمین کیطرف لگی ہوئی ہے دونون قدم برابر رکھے ہیں نہ کوئی عضو ہلنے پاتا ہی نہ اِدھر اُدھر جُھکتا ہے -

اُسکے بعد وہ نماز شروع کرنے کی دُعا[1] پڑھتا ہے جس مین پہلے تو اپنے رب کی پاکی اور تمام عیوب سے برأت بیان کرتا ہے پھر اُسکی تعریف کرتا ہے اُسکا نام نہایت تعظیم و تکریم سے لیکر اُسکی سلطانی عظمت و جبروت کو ظاہر کرتا ہے اُسکی وحدانیت کا مقر ہوتا ہی اسکو یوں سمجھئے جیسے کہ بادشاہوں سے کچھ عرض

[1] اور وہ دُعا یہ ہی سبحانک اللھم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالٰی جدک ولا الٰہ غیرک ۱۲ مترجم -

ایام ہفتہ	ربیع الاول ۱۳۴۶ھ	اگست ۱۹۲۷ء	صبح صادق	طلوع آفتاب	زوال آفتاب	عصر	غروب آفتاب	عشاء
